E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار | A.B.C CERTIFIED
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
بیاد نیاز پاشا جدون
فون نمبر 0992-385577
جلد نمبر 37 | جمعرات 29 رمضان المبارک 1447ھ 19 مارچ 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 23

پھلڑہ تھانہ بٹل کے ایڈیشنل ایس ایچ او سمیت 4 پولیس افسران لائن حاضر

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ڈی پی او مانسہرہ نے عوامی شکایات پر تھانہ بٹل کے ایڈیشنل ایس ایچ او سمیت چار پولیس افسران کو لائن حاضر کردیا تفصیلات کے مطابق تھانہ بٹل میں تعینات کچھ پولیس افسران جن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

باڑہ گلی کیری ڈبہ کو حادثہ 1 خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، بچی سمیت 2 شدید زخمی

حادثہ کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیموں کو جائے وقوعہ کی طرف روانہ کر دیا گیا تھا، جاں بحق ہونے والے کی جسد خاکی کو موچی ٹھارہ ہسپتال منتقل کردیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) گلیات باڑہ گلی کے مقام پر کیری ڈبہ کو حادثہ ایک خاتون سمیت تین افراد ہلاک ایک بچی سمیت دو شدید زخمی ہو۔ کیری ڈبہ باڑہ گلی سے نیچے گیری کھائی میں جا گرا اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیموں کو جائے وقوعہ کی طرف روانہ کر دیا گیا تھا حادثے کے نتیجے میں ایک خاتون سمیت تین افراد جاں کی بازی ہار گئے اور زخمیوں میں ایک بچی سمیت دو شدید زخمی شامل ہیں۔ ریسکیو میڈیکل نے ٹیم زخمیوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

باڑہ گلی کے مقام پر حادثہ کا شکار ہونے والا کیری ڈبہ جبکہ امدادی کاروائیاں جاری ہیں

اسسٹنٹ کمشنر خانپور جنید خالد کا حطار میں کیٹل فارم پر چھاپہ

دودھ کے نمونے حاصل کیے گئے جن کی لیبارٹری رپورٹس میں خطرناک انکشافات سامنے آئے

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) اسسٹنٹ کمشنر خانپور جنید خالد کی سورس رپورٹ پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر حلال فوڈ اتھارٹی ہری پور کے ہمراہ حطار میں واقع ایک کیٹل فارم پر اچانک چھاپہ مارا گیا۔ کارروائی کے دوران دودھ کے نمونے حاصل کیے گئے جن کی لیبارٹری رپورٹس میں خطرناک انکشافات سامنے آئے۔ حلال فوڈ اتھارٹی کی رپورٹ کے مطابق (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

تازہ ترین خبروں اور SHAMAL E Paper کیلئے وزٹ کیجئے
dailyshamal.com.pk

مانسہرہ کے علاقہ بفہ کے قریب دو گاڑیوں میں تصادم 6 افراد زخمی

زخمیوں کو کو مانسہرہ کنگ عبداللہ ہسپتال میں طبی امداد فراہم کی گی حادثہ اوورٹیک کرنے کے دوران دو گاڑیوں کے تصادم کے باعث پیش آیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) مانسہرہ کے علاقہ بفہ کے قریب دو گاڑیوں میں تصادم 6 افراد زخمی، مقامی لوگوں نے زخمیوں کو ھسپتال پہنچایا جہاں پر زخمیوں میں شامل افضل، زاہد، شہریار، پروین، شاھین فیضان اور گل خان کو مانسہرہ کنگ عبداللہ ہسپتال میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

ایبٹ آباد ڈکیت گروہ گرفتار 1 زخمی

شہریوں کی لوٹی گئی رقم و موبائل فون برآمد

ملزمان محسن اور حسن پسران سہیل ساکنان لاہور، جو آپس میں سگے بھائی ہیں نے پولیس سے مقابلہ کیا جس کے دوران ملزم محسن زخمی حالت میں گرفتار ہوا، رقم واپس ملنے پر مالکان نے پولیس کا شکریہ ادا کیا

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ڈی پی او ایبٹ آباد کی قیادت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑا ایکشن، دو رکنی ڈکیت گینگ گرفتار، ایک زخمی، شہریوں کی لوٹی گئی رقم و موبائل فون برآمد ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید خان کی ہدایات پر ایبٹ آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، ایس پی کینٹ علی حمزہ بٹ کی زیرنگرانی ڈی ایس پی کینٹ طاہر سلیم اور ایس ایچ او کینٹ علی جدون نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) پولیس کا ایبٹ آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑا ایکشن، دو رکنی ڈکیت گینگ گرفتار، ایک زخمی، شہریوں کی لوٹی گئی رقم و موبائل فون برآمد۔ ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید خان کی ہدایات پر ایبٹ آباد پولیس کی جرائم پیشہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

سرمد سلیم اکرم کا سلیم رانا کے ہمراہ ادارہ تعلیم القرآن کا دورہ

ڈی سی ایبٹ آباد نے بچوں کے لیے فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم نے چیئرمین ضلعی مصالحتی کمیٹی (ڈی آر سی) لیفٹیننٹ جنرل (ر) ایاز سلیم رانا کے ہمراہ ادارہ تعلیم القرآن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بچوں سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ وقت گزارا۔ ادارہ تعلیم القرآن یتیم بچوں کی کفالت اور ان کی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ عید کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے بچوں میں تحائف اور عید کے کپڑوں کی تقسیم کے لیے ادارے کا خصوصی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ادارے کی انتظامیہ سے ملاقات کی اور بچوں کے لیے فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے کچن، ریڈنگ روم اور عمارت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

شکیاری میں گراں فروشوں اور ٹرانسپورٹ مافیا کے خلاف ایکشن

نواز آباد (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر بفہ پھلہل سرفراز قریشی نے شکیاری بازار اور اڈہ ٹرانسپورٹ میں اچانک چھاپہ مار کارروائیاں کرتے ہوئے گراں فروشوں اور کرایوں میں من مانی کرنے والے ٹرانسپورٹ مالکان کے خلاف سخت ایکشن لیا۔ کارروائی کے دوران متعدد دکانداروں کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

بٹگرام میں آئندہ اپریل 2026 کی پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس

ای پی آئی کوآرڈینیٹر نے اجلاس میں شریک شرکاء کو پولیو حوالے سے تفصیلاً بریفنگ دی

بٹگرام (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر بٹگرام اشتیاق احمد کی زیرِ صدارت فروری 2026 میں منعقدہ نیشنل امیونائزیشن ڈیز (NID) مہم کے جائزہ اور آئندہ اپریل 2026 کی پولیو مہم کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر ذاکر حسین، ڈسٹرکٹ ای پی آئی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد غلام اسحاق، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈی آئی او سی فوکل پرسن سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ای پی آئی کوآرڈینیٹر نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

ضلع تناول کے لئے آل تنولی اتحاد پلیٹ فارم سے جدوجہد جاری رکھی جائے گی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ضلع تناول کے آل تنولی اتحاد کے پلیٹ فارم سے بھرپور جدوجہد جاری رکھی جائے گی شہزاد رشید تنولی وائس چیئرمین آل پاکستان تنولی اتحاد حاجی صابر حسین تنولی ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، سلطان اعظم گلگت جگلوٹ، احمد حسین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

حنیف گوہر نوجوانوں کے لئے امید کی کرن ہیں، محمد پرویز مغل

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ممتاز کاروباری شخصیت چیئرمین ائیر کراچی اور سابق چیئرمین پاکستان چیمبر آف کامرس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

ہر روز اشیاء ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتیں انتہائی تشویشناک ہیں

پٹرول، اشیاء خورد و نوش، بجلی، ادویات سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

ہری پور (سوشل رپورٹر) ہر روز اشیاء ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتیں انتہائی تشویشناک ہیں، پٹرول، اشیاء خورد و نوش، بجلی، ادویات سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے، مذہبی و سنجیدہ حلقے، ہری پور کے مختلف حلقوں کا کہنا تھا کہ حکومت مہنگائی کو کنٹرول کرنے کی بجائے مہنگائی میں مزید اضافہ کر کے عوام دشمنی کا مظاہرہ نہ کرے، ہوش کے ناخن نہ لئے تو عوام کا غضب لے ڈوبے گا، عوامی حلقوں کا کہنا تھا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

عیدالفطر 2026 کے موقع پر مجسٹریٹس آن ڈیوٹی (MODs) تعینات

عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے تمام افسران کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں

ہری پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر آفس ہری پور کی جانب سے عیدالفطر 2026 کے موقع پر مجسٹریٹس آن ڈیوٹی (MODs) تعینات کر دیئے گئے ہیں تا کہ عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں، تمام افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عید کے دنوں میں امن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

ایبٹ آباد پولیس نے بھکاریوں کی آڑ میں ریٹائرڈ سرکاری ملازم کو بھی گرفتار کرلیا

تھانے میں بار بار ہر پولیس والا میرے پاس آتا رہا کوئی دو ہزار مانگتا رہا کوئی پانچ ہزار رشوت طلب کرتا رہا پیسے نہ دینے پر مجھ پر ایف آئی آر کردی، عبدالعزیز

ایبٹ آباد (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ایبٹ آباد سٹی پولیس نے بھکاریوں کی آڑ میں پینڈ گلی شیروان کے رہائشی ریٹائرڈ سرکاری ملازم کو بھی گرفتار کرلیا ریٹائرڈ ملازم میڈیا کے پاس پہنچ گیا پینڈ گلی شیروان کے رہائشی عبدالعزیز ولد مالوی نے بتایا کہ وہ محکمہ تعلیم سے ریٹائر ملازم ہے گزشتہ روز کسی کام کے سلسلے میں کینٹ پلازہ کے قریب موجود تھا کہ سٹی پولیس نے اسے بھیکاریوں کے کھاتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر بٹگرام اشتیاق احمد فروری 2026 میں منعقدہ نیشنل امیونائزیشن ڈے مہم کے جائزہ اور پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام رمضان افطار دسترخوان جاری

المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے ملک بھر میں رمضان افطار دسترخوان کا اہتمام کیا گیا

خواجگان (جنرل رپورٹر) المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام ملک بھر میں رمضان افطار دسترخوان جاری ماہِ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں فلاحی سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہوئے المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے ملک بھر میں رمضان افطار دسترخوان کا اہتمام کیا گیا ہے، جو یکم رمضان سے 30 رمضان المبارک تک باقاعدگی سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

پکھل مستحق خواتین کو دی جانیوالی امداد میں مہینہ کٹوتیوں کا سلسلہ نہ رک سکا

موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ریٹیلرز کی جانب سے فی مستحق خاتون 500 سے 1000 روپے تک غیر قانونی کٹوتیاں جاری ہیں

نواز آباد (نمائندہ خصوصی) بفہ پکھل شنکیاری: ضلعی انتظامیہ کی کارروائیوں کے باوجود بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحق خواتین کو دی جانے والی امداد میں مہینہ کٹوتیوں کا سلسلہ نہ رک سکا۔ مختلف علاقوں شنکیاری، کلیگاہ اور جبڑ گلی سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق ریٹیلرز کی جانب سے فی مستحق خاتون 500 سے 1000 روپے تک غیر قانونی کٹوتیاں جاری ہیں، جس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر کوہستان لائر طارق محمود پٹن گرڈ سٹیشن کی توسیع دوبیر روڈ کی صورتحال اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے مسائل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یہودیوں اور اسلام دشمن قوتوں کے ناپاک عظائم کا سلسلہ جاری

پاکستان کو اسلام دشمن قوتوں کے شر اور فساد کا متحد اور منظم ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا

بجنہ (نامہ نگار) پاکستان کو اسلام دشمن قوتوں کے شر اور فساد کا متحد اور منظم ہو کر مقابلہ کرنا ہوگا۔ یہ بات سینیٹر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے خطے میں ایران اسرائیل جنگ پر پاکستان کو یہودیوں اور اسلام دشمن قوتوں کے ناپاک عظائم کے خطرے، معاشی مشکلات اور ملک دشمنوں کے جاری خطرناک پراپوگنڈوں کے خلاف قوم کو (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

عدنان رستم اور ملک ذیشان کی پھوپھی کی وفات تعزیت کا اظہار

ہری پور (سپیشل رپورٹر) DEO ایجوکیشن میل ہری پور محمد اشرف اور سیاسی و سماجی شخصیت گل جان خان نے مدینہ میڈیکل سٹور کے مالک گلزار احمد اعوان کی ہمشیرہ ADO عدنان رستم اور ملک ذیشان کی پھوپھی کی وفات پر ان کی رہائشگاہ پر جا کر تعزیت کا اظہار کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

راجہ خان رضا کو ایس پی سکی کناری مانسہرہ تعینات کردیا گیا

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ہزارہ پولیس کے نامور نوجوان پولیس فیسر ڈی ایس پی راجہ خان رضا کو ایس پی سکی کناری مانسہرہ تعینات کردیا گیا راجہ خان رضا ج بطور ایس پی سکی کناری مانسہرہ کا چارج سنبھال لیں گے تفصیلات کیمطابق گزشتہ روز ہزارہ پولیس کیمعروف گرپڈ سترہ کے پولیس فیسر راجہ خان رضا کو ایس پی سکی کناری مانسہرہ تعینات کرکے باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کردیا راجہ خان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

مسجد گلزارِ مدینہ محلّہ چنئ میں تکمیلِ قرآن کی روحانی تقریب

اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، سید زاہد حسین شاہ رمضان المبارک کی اہمیت بیان کی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) مسجد گلزارِ مدینہ محلّہ چنئ میں تکمیلِ قرآن کی ایک باوقار اور روحانی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اہلِ علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پیر سید فرمان علی شاہ کے فرزند علامہ قاری سید زاہد حسین شاہ نے رمضان المبارک کی اہمیت و فضیلت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ بدبخت ہے وہ شخص جو رمضان المبارک جیسے بابرکت مہینے کو نظر انداز کرتے ہوئے دنیاوی مشاغل میں مصروف رہتا ہے جبکہ خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

مانسہرہ زکوٰۃ فاؤنڈیشن کی جانب سے ذمہ داران والنٹیرز کی زیرنگرانی مانسہرہ و بٹگرام کے مستحقین میں راشن پیکیج تقسیم کیا جا رہا ہے

حطار انڈسٹریل اسٹیٹ میں جعلی کارخانہ دار بے لگام غیر قانونی پروڈکشن شروع

سرکاری اداروں نے سرعام منٹھلی حصہ لینا شروع کر رکھا ہے جس پر جعلی پروڈکشن تیار کرنے والوں کے خلاف فوری طور پر اقدام کرنے کا بھرپور مطالبہ کیا گیا ہے

حطار (کرائم رپورٹر) انڈسٹریل اسٹیٹ حطار میں جعلی کارخانہ دار بے لگام ہو گئے، مقفل فیکٹریوں میں کھلے عام مشینری نصب کر کے غیر معیاری اور غیر قانونی پروڈکشن دینی شروع کر ڈالی، جعلی کارخانوں میں گرینڈر مشروبات کھاد اور کیمیکل بازی لے گئے ذرائع کے مطابق انڈسٹریل اسٹیٹ حطار جو کہ صوبہ بھر کا سب سے بڑا انڈسٹریل زون ہے مگر سرکاری اداروں کی ملی بھگت سے اس جنگل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

ایبٹ آباد، ''ہیرو آف رمضان ایوارڈ'' کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد

مہمان خصوصی افراسیاب زبیر ہندل تھے، سماجی خدمات پر شخصیات کو اعزازات سے نوازا گیا

ایبٹ آباد (متیب احمد سے) ہیرو آف رمضان ایوارڈز کی تقریب، سماجی خدمات پر شخصیات کو اعزازات سے نوازا گیا ایبٹ آباد: سدرہ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام "ہیرو آف رمضان ایوارڈ" کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہِ مقدس کے دوران نمایاں سماجی خدمات سرانجام دینے والی شخصیات اور فلاحی تنظیموں کو اعزازات سے نوازا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر افراسیاب زبیر ہندل تھے، جنہوں نے ایبٹ آباد شہر میں رمضان المبارک کے دوران مستحق افراد کے لیے دسترخوان کا اہتمام کرنے پر خصوصی طور پر ایوارڈ حاصل کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سدرہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

پھلڑہ قتل ہونے والے تینوں مقتولین کی نماز جنازہ ادا کردی گئی

تھانہ پھلڑہ کی حدود قتل کے مختلف واقعات رونما ہوئے، مختلف مقامات پر نماز جنازہ ادا کی گئی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ پھلڑہ کی حدود میں قتل ہونے والے تینوں مقتولین کی نماز جنازہ گزشتہ روز تین بجے دو مختلف مقامات پر ادا کی گئی مقتول خان افسر ولد ایوب ریالہ ڈنہ کی نماز جنازہ ان کے چچازاد بھائی کے ہاں خالقو میرا پھلڑہ میں تین بجے ادا کی گئی جبکہ پڑھنہ بوزدندی میں قتل ہونے والے میاں بیوی کی نماز جنازہ پڑکھائیاں کے مقام پر تین بجے ادا کی گئی خان افسر کو ہڑیالہ جنگل میں قتل کیا گیا اسی طرح پڑھنہ کے گاؤں بوزدندی میں مال مویشی کے فصل میں جانے سے تنازعہ پر عین افطاری کے وقت محمد حنیف نے فائرنگ کر کے محمد اسرائیل ولد روشن اور اس کی بیوہ مسماۃ (ف) کو قتل جبکہ محمد عنصر کو گولی مار کر شدید زخمی کر دیا جو کہ تشویشناک حالت میں زیر علاج ہے تینوں مقتولین کی نماز جنازوں کے موقع سیاسی و سماجی شخصیات اور علاقہ بھر سے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کرتے ہوئے تناول (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

ایبٹ آباد پولیس کی پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری

سٹی پولیس کی کارروائی کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر لیا گیا

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) ڈی پی او ایبٹ آباد ہارون رشید خان کی ہدایات پر ایبٹ آباد پولیس کی پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں جاری۔ سٹی پولیس کی کارروائی کے دوران پانچ پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار افراد کے خلاف زیر دفعہ 13VRA کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایبٹ آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ پیشہ ور بھکاریوں کی حوصلہ شکنی کریں اور ایسے عناصر کی اطلاع فوری طور پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

بابر سلیم کی کاوشوں سے مانسہرہ شہر کا ایک اہم اور دیرینہ مسئلہ حل

صوبائی کابینہ نے مانسہرہ سٹی میں قبرستان کے لیے 18 کروڑ روپے کی منظوری دے دی ہے

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی کی مثر کوششوں سے مانسہرہ شہر کا ایک اہم اور دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا۔ صوبائی کابینہ نے مانسہرہ سٹی میں قبرستان کے لیے 18 کروڑ روپے کی منظوری دے دی ہے۔ سپیکر بابر سلیم سواتی نے اس پیش رفت کو عوامی فلاح کی جانب ایک بڑا اقدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ مانسہرہ کے شہریوں کو درپیش قبرستان کی کمی ایک سنجیدہ مسئلہ تھا جس کے حل کے لیے مسلسل کوششیں کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ عیدالفطر کے فوراً بعد قبرستان کے لیے اراضی کی خریداری کا عمل شروع کر دیا جائے گا تا کہ اس منصوبے پر جلد از جلد عملی کام کا آغاز ممکن بنایا جا سکے۔ سپیکر کے پی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

مانسہرہ، ڈنہ کوشلائیاں میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے قتل ہونے والے شخص خان افسر کی فائل فوٹو

مانسہرہ، تھانہ پھلڑہ کی حدود میں فائرنگ سے جاں بحق ہونیوالے میاں بیوی کی نعش کنگ عبداللہ ہسپتال میں

تناول بدامنی کی لپیٹ میں قتل و غارت اور لاقانونیت کیوجہ سے عوام پریشان

تناول میں دیرپا امن کے قیام کے لیئے موثر اقدامات کیئے جائیں تا کہ علاقہ مزید بدامنی سے بچ جائے، عوامی و سماجی حلقوں کا ذمہ داران سے بھرپور مطالبہ

تناول (بیورو رپورٹ) تناول کا ایریا سخت بد امنی کی لپیٹ میں قتل و غارت اور لاقانونیت کیوجہ سے عوام پریشان تھانہ پھلڑہ کی حدود گاؤں بزوندی میں کھیت میں مال مویشی گھسنے پر تنازعہ، باسطح شخص کی فاء۔۔رنگ سے میاں بیوی جانجق، بھائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

تناول (ڈپٹی بیورو رپورٹ) تناول کا ایریا سخت بدامنی کی لپیٹ میں قتل و غارت اور لاقانونیت کیوجہ سے عوام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

ڈی سی سرمد سلیم اکرم کی ہاکی فائنل میں مہمان خصوصی شرکت

اس موقع پر ریجنل سپورٹس آفیسر احمد زمان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، کھلاڑیوں سے ملاقات

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم نے فلڈ لائٹ رمضان ہاکی لیگ ایبٹ آباد 2026 کے فائنل میچ اور اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ریجنل سپورٹس آفیسر احمد زمان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی، فائنل میچ دیکھا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں اعزازی شیلڈز، تمغے اور نقد انعامات تقسیم کیے۔ فائنل مقابلے میں چناروار ییرز نے شملہ فالکنز کو پنالٹیز پر شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اکرم نے کھیلوں کے فروغ کے لیے ضلعی انتظامیہ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

چاندرات پر ہوائی فائرنگ سے اجتناب کیا جائے، ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عیدالفطر کے موقع پر چاند رات کو ہوائی فائرنگ سے اجتناب کیا جائے بااثر شخصیات اور والدین خود اور اپنے بچوں کو ہوائی فائرنگ کرنے سے منع کریں ہوائی فائرنگ قانونی جرم ہے اس کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی ڈی ایس پی سرکل پھلڑہ مدثر ضیاء نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

گرین انرولمنٹ اور پلانٹیشن مہم کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

تقریب کا اہتمام محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے تحت کیا گیا

ایبٹ آباد (ہینڈ آؤٹ) محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے تحت ڈی ای او ٹیمل کی زیر اہتمام گرین انرولمنٹ اور پلانٹیشن مہم کے سلسلے میں کمیونٹی ماڈل پرائمری سکول میر پور میں ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی جبکہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ ازکی فاطمہ بھی ان کے ہمراہ موجود رہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے پودا لگا کر ماحول دوست اقدامات کو فروغ دیا اور انرولمنٹ مہم کے تحت ایک بچی کا سکول میں داخلہ کراتے ہوئے سکول سے باہر بچوں کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران ڈی ای (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

ڈاکٹر محمد شفیق امینی کے استانہ عالیہ پر چھاپوں کی مذمت کرتے ہیں، محمد عثمان رضوی

اوگی (نامہ نگار) تحریک لبیک پاکستان کی مذکراتی کمیٹی کے سربراہ اور رکن شوریٰ کے ممبر اور خیبر پختونخواہ کے امیر ڈاکٹر محمد شفیق امینی صاحب کے استانہ عالیہ قادریہ امبینیہ پر رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں بار بار چھاپہ مارنے کی ہم شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 31)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد
ڈپٹی ایڈیٹر انچارج: عبدالوحید رہانی

روزنامہ شمال ایبٹ آباد، مظفر آباد، سوات اور کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے
سروے۔ گیلپ، این آر سی، آئی سی ایل
نیاز پبلشرز نے پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

ایبٹ آباد مرکزی دفاتر
پلاٹ نمبر A-6 سال انڈسٹریز اسٹیٹ ایبٹ آباد
فون نمبرز 0992-385577 موبائل نمبر: 0314-5003149
فیکس 0992-385575,385576,385578
Email: dailyshamal1991@gmail.com Web: www.shamal.com.pk

سوات
جامی بابا چوک مینگورہ سوات
فون نمبر 0946-711788,711700
فیکس 0946-720452

مانسہرہ بیورو
سب آفس سٹیشن روڈ کچہری چوک مانسہرہ
0321-9838817

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاظمیہ والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبرز 021-2752266,2752421
فیکس 021-2752422
E-mail: shamalkarachi@yahoo.com

ہری پور بیورو
محمد جاوید عباسی
ایڈوکیٹ، ایس ایچ او آفس ہری پور کالونی، ایبٹ آباد روڈ، ہری پور
فون نمبر: 0995-612434
فیکس نمبر 0995-612424

راولپنڈی/اسلام آباد
ندیم خان جدون
03200880105
0301-8149023 (بیورو چیف)
0300-5761144, 0995-487049 (ایڈیٹوریل انچارج)

مظفر آباد
عقب جی پی او نزد دیوان صدر مظفر آباد
فون نمبر 05822-446938
فیکس 05822-446842
Email: shamalmzd2011@gmail.com

موبلیاں بیورو
سید عبدالقدوس شاہ گیلانی (نزد ایبٹ آباد)
بین الاقوامی رپورٹر
0992-810899
بیورو چیف۔ مظہر بشیر احسون
0997-530105, 0346-5761211
0346-8574169, 0987-405554

عید پر عوام کا استحصال۔۔ٹرانسپورٹ مافیا کے خلاف فوری کاروائی ناگزیر

جمعرات 29 رمضان المبارک 1447ھ 19 مارچ 2026ء 2083ب

عید الفطر جیسے مقدس اور خوشیوں بھرے موقع پر جہاں ہر فرد اپنے پیاروں کے ساتھ وقت گزارنے کا خواہاں ہوتا ہے، وہیں صوبہ ہزارہ میں ٹرانسپورٹ مافیا کی جانب سے مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنا ایک سنگین اور قابلِ مذمت عمل بن چکا ہے۔ ہر سال کی طرح اس بار بھی عید قریب آتے ہی کرایوں میں من مانا اضافہ کر دیا گیا ہے، جس سے غریب اور متوسط طبقہ شدید ذہنی اور مالی دباؤ کا شکار ہوا ہے۔

یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے واضح احکامات کے باوجود ٹرانسپورٹرز کھلے عام قانون کی دھجیاں اڑا رہے ہیں۔ بس اڈوں اور ویگن اسٹینڈز پر نہ کوئی مؤثر نگرانی دکھائی دیتی ہے اور نہ ہی کرایہ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنایا جاتا ہے۔ مسافر مجبوری کے عالم میں زائد کرایہ ادا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں کیونکہ ان کے پاس متبادل ذرائع نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔

حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس سنگین مسئلے کا فوری نوٹس لے اور عید کے موقع پر عوام کو ریلیف فراہم کرے۔ محض بیانات یا رسمی اقدامات کافی نہیں، بلکہ عملی کاروائی کی اشد ضرورت ہے۔ زائد کرایہ وصول کرنے والوں کے خلاف بھاری جرمانے، روٹ پرمٹ کی معطلی اور قانونی کاروائی جیسے سخت اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ کسی کو عوام کا استحصال کرنے کی جرأت نہ ہو۔

مزید برآں، کرایہ ناموں کی نمایاں آویزاں کرنا، شکایتی سیل کا قیام اور فوری رسپانس کا نظام بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائیں اور ایسے عناصر کے خلاف شکایات درج کروائیں۔

اگر بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو عید کی خوشیاں ماند پڑ جائیں گی اور عوام کا اعتماد حکومتی اداروں پر مزید کمزور ہو جائے گا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ٹرانسپورٹ مافیا کے خلاف بلا امتیاز کاروائی کی جائے تاکہ ہر شہری بلا خوف و خطر اور مناسب کرایے پر اپنے گھروں تک پہنچ سکے۔

وہ دولتیں جو محنت، صبر اور ثابت قدمی کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں

دنیا میں عزت، شہرت اور مقام وہ دولت ہیں جو محنت، صبر اور ثابت قدمی کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں۔ مگر جیسے ہی کوئی انسان ان بلندیوں کو چھو لیتا ہے، اس کی زندگی ایک نئے امتحان میں داخل ہو جاتی ہے۔ یہ امتحان کامیابی کا نہیں، بلکہ اس کامیابی کو سنبھالنے کا ہوتا ہے۔

انسان جتنا بلند ہوتا ہے، اتنا ہی نمایاں ہو جاتا ہے۔ لوگ اسے دیکھتے ہیں، پرکھتے ہیں، اور بعض اوقات بلاوجہ اس کے خلاف دل میں چبھن محسوس کرنے لگتے ہیں۔ یہی چبھن حسد کی شکل اختیار کر لیتی ہے، جو بظاہر خاموش مگر اندر سے خطرناک ہوتی ہے۔ یہ حسد کبھی تنقید، کبھی طنز، اور کبھی پوشیدہ سازشوں کی صورت میں سامنے آتا ہے۔

ایسے حالات میں اصل سوال یہ نہیں رہتا کہ انسان کہاں تک پہنچا، بلکہ یہ ہوتا ہے کہ وہ وہاں رہتے ہوئے اپنے کردار کو کیسے قائم رکھتا ہے۔ کیا وہ مشکل وقت میں صبر سے کام لیتا ہے؟ کیا وہ تنقید کے باوجود اپنی راہ پر قائم رہتا ہے؟ کیا وہ اپنی کامیابی کو عاجزی کے ساتھ سنبھالتا ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ مضبوط انسان وہ نہیں جو صرف بلندی تک پہنچ جائے، بلکہ وہ ہے جو ہر آزمائش کے باوجود اپنے حوصلے کو قائم

رکھے۔ کیونکہ بلندیوں کا سفر ہمیشہ آسان نہیں ہوتا؛ اس راستے میں کانٹے بھی ہوتے ہیں اور اندھیرے بھی۔ مگر وہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں جو ان رکاوٹوں سے گھبرا کر رکنے کے بجائے، انہیں عبور کرنا سیکھ لیتے ہیں۔

زندگی کا اصل سبق یہی ہے کہ نیت کو صاف رکھا جائے، قدموں میں استقامت ہو، اور حوصلہ کبھی پست نہ ہونے دیا جائے۔ کیونکہ اصل کامیابی بلندی حاصل کرنے میں نہیں، بلکہ اس بلندی پر اپنے وقار اور کردار کے ساتھ ڈٹے رہنے میں ہے۔

دیہات اور شہروں میں تعلیم فرق اور اس کے اثرات

تحریر: وقار افتخار عباسی

تعلیم معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے، لیکن دیہات اور شہروں میں تعلیمی معیار میں واضح فرق پایا جاتا ہے۔ یہ فرق نہ صرف طلبہ کی شخصیت اور کیریئر پر اثر انداز ہوتا ہے بلکہ ملک کی مجموعی ترقی پر بھی اثر ڈالتا ہے۔

تعلیم کسی بھی زندہ قوم کے ماتھے کا جھومر اور اس کی اجتماعی ترقی کی واحد ضامن ہوتی ہے، مگر افسوس کہ ہمارے معاشرے میں یہ جھومر شہروں کی چکا چوند میں تو نظر آتا ہے لیکن دیہات کی خاک اور پسماندگی میں کہیں کھو گیا ہے۔ ایک ہی ملک، ایک ہی آئین اور ایک ہی نصاب کے بلند بانگ دعوں کے باوجود، شہر اور دیہات کے تعلیمی نظام میں موجود تفاوت محض دو جغرافیائی خطوں کا فرق نہیں، بلکہ دو الگ الگ دنیاں کی داستان ہے جو ایک ہی وقت میں رقم ہو رہی ہے۔

نصیب شہر تھا سورج، سو اس کے گھر میں رہا
ہمارے حصے میں آئی تھی روشنی، سو گئی ایک

طرف وہ جگمگاتے ایوانِ علم ہیں جہاں ٹیکنالوجی کے کرشمے سانس لیتے ہیں، سمارٹ کلاس رومز ہیں اور روشن مستقبل کے کتبے ہر دیوار پر آویزاں ہیں، تو دوسری طرف وہ شکستہ چھتیں اور اداس آنگن ہیں جہاں بارش کا پانی کتابوں سے پہلے معصوم طالب علموں کے حوصلوں کو بھگو دیتا ہے۔ دیہی علاقوں میں تعلیم کی صورتحال ایک ایسے نوحے کی مانند ہے جسے سننے والا کوئی نہیں۔ جہاں شہر کا بچہ ایئر کنڈیشنڈ کمروں میں بیٹھ کر عالمی مقابلوں کی تیاری کرتا ہے، وہیں دیہات کا کوئی ذہین طالب علم اس انتظار میں بوڑھا ہو رہا ہوتا ہے کہ شاید کبھی اس کے اسکول کی ویران لیبارٹری میں کوئی ٹیسٹ ٹیوب سلامت پہنچے۔

کٹی ہے عمر علم کی جستجو میں یوں اپنی
کہیں چھتیں نہیں سر پر، کہیں کتاب نہیں

یہ فرق صرف عمارتوں یا فرنیچر کا نہیں، بلکہ اس "ڈیجیٹل ڈیوائیڈ" کا ہے جس نے دیہات کے ٹیلنٹ کو عالمی دوڑ سے باہر کر دیا ہے۔ آج کے دور میں جہاں انٹرنیٹ اور مصنوعی ذہانت کائنات کی وسعتیں ناپ رہے ہیں، وہاں ہمارے دیہات کے کئی اسکولوں میں بنیادی بجلی کی فراہمی بھی کسی معجزے سے کم نہیں۔ جب ریاست کی ترجیحات میں شہروں کے پل اور سڑکیں شامل ہوں اور دیہات کے اسکول محض کھنڈر بن چکے ہوں، تو سمجھ لینا چاہیے کہ ہم نے اپنے مستقبل کو خود اپنے ہاتھوں سے مصلوب کر دیا ہے۔

چراغِ علم جلایا ہے ہم نے صحرا میں

جہاں قدم قدم پہ ہوائیں ہمیں ڈراتی ہیں

اس تعلیمی تفریق کے اثرات انتہائی ہولناک ہیں۔ جب ایک بچہ اپنے کچے اسکول کی ٹوٹی ہوئی کھڑکی سے شہر کے عالی شان اسکولوں کی تصویر دیکھتا ہے، تو اس کے اندر احساسِ کمتری کا وہ بیج بویا جاتا ہے جو آگے چل کر معاشرتی محرومی اور طبقاتی نفرت کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ ہم نے غیر محسوس طریقے سے یہ تسلیم کر لیا ہے کہ اعلیٰ عہدے، بڑی نوکریاں اور روشن مستقبل صرف شہروں کے مکینوں کے لیے مخصوص ہیں، جبکہ دیہات کا مقدر صرف مشقت اور پسماندگی ہے۔ یہ سوچ نہ صرف انسانی حقوق کی پامالی ہے بلکہ اس ٹیلنٹ کا معاشی استحصال بھی ہے جو ناموافق حالات کے باوجود آسمان چھونے کی ہمت رکھتا ہے۔

نہیں ہے نا امید اقبال اپنی کشتِ ویراں سے
ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی

اگر ہم واقعی ایک قوم بن کر ابھرنا چاہتے ہیں، تو ہمیں علم کی اس شمع کو شہر کے فانوس سے نکال کر دیہات کی پگڈنڈیوں پر بھی روشن کرنا ہوگا۔ جب تک قلم اور کتاب کی حرمت دیہات کے آخری اسکول تک نہیں پہنچے گی، ترقی کا ہر دعویٰ محض ایک ادھورا خواب ہی رہے گا۔ ریاست کو چاہیے کہ وہ "یکساں نظامِ تعلیم" کو صرف نعروں تک محدود نہ رکھے بلکہ عملی طور پر دیہات کے اسکولوں کو وہی جدید وسائل فراہم کرے جو شہر کے اسکولوں کا خاصہ ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ ہم سیمنٹ اور سریے کی عمارتوں کے بجائے انسانی شعور پر سرمایہ کاری کریں، تاکہ کل کا مرخ یہ نہ لکھے کہ اس قوم نے اپنے مستقبل کو شہر اور دیہات کی بحث میں ضائع کر دیا تھا۔

جلا کے مشعلِ جاں ہم پکارتے ہیں تمہیں
اگر شعور ہے زندہ تو انقلاب اٹھو

عید الفطر کا دن محض ایک تہوار نہیں بلکہ شکرانے کا دن

رمضان المبارک کی رحمتوں، برکتوں اور مغفرتوں سے بھرپور ساعتیں جب اختتام پذیر ہوتی ہیں تو مسلمانوں کے دل ایک طرف اس عظیم مہینے کی جدائی پر غمگین ہوتے ہیں اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ انعام عید الفطر کی خوشیوں سے سرشار بھی ہوتے ہیں۔ عید الفطر محض ایک تہوار نہیں بلکہ شکر، اطاعت، اخوت اور انسانیت کے اعلیٰ جذبات کا عملی مظاہرہ ہے۔ اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ اس دن کو کیسے گزارا جائے تاکہ ہماری خوشیاں بھی عبادت بن جائیں اور ہمارا ہر عمل اللہ کی رضا کے مطابق ہو۔

عید الفطر دراصل اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا دن ہے کہ اس نے ہمیں رمضان جیسے مقدس مہینے کی عبادات کی توفیق عطا فرمائی۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے کہ تم گنتی پوری کرو اور اللہ کی بڑائی بیان کرو تاکہ تم شکر گزار بنو۔ لہٰذا عید کا آغاز ہی اللہ کی حمد و ثنا سے ہونا چاہیے، نہ کہ محض دنیاوی مصروفیات سے۔

صدقۃ فطر: خوشیوں میں سب کو شریک کرنا

عید الفطر کی سب سے اہم عبادتوں میں سے ایک صدقۃ فطر ادا کرنا ہے۔ یہ ہر صاحبِ استطاعت مسلمان پر واجب ہے تاکہ معاشرے کے نادار افراد بھی عید کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہو سکیں۔ اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ جب تک ہمارے آس پاس کوئی بھوکا یا محروم ہو، ہماری خوشیاں مکمل نہیں ہو سکتیں۔ عید سے پہلے صدقۃ فطر ادا کرنا اس بات کی ضمانت ہے کہ کوئی بھی مسلمان اس دن محرومی کا شکار نہ رہے۔

نمازِ عید: اجتماعی عبادت کا حسین منظر

عید کے دن کی سب سے نمایاں عبادت نمازِ عید ہے، جو مسلمانوں کو اتحاد، بھائی چارے اور مساوات کا درس دیتی ہے۔ کھلے میدانوں یا مساجد میں جب ہزاروں مسلمان ایک ساتھ صفوں میں کھڑے ہو کر اللہ کے حضور

سجدہ ریز ہوتے ہیں تو یہ منظر امتِ مسلمہ کی وحدت کا عملی ثبوت بن جاتا ہے۔ اس دن خاص طور پر تکبیرات کا اہتمام کیا جاتا ہے:

اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ، واللہ اکبر، اللہ اکبر، وللہ الحمد

صفائی اور سادگی: اسلامی طرزِ زندگی

اسلام عید کے موقع پر صفائی، طہارت اور سادگی کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ نیا یا صاف لباس پہننا، خوشبو لگانا اور مسواک کرنا سنت ہے۔ تاہم اسلام اسراف اور نمود و نمائش سے سختی سے روکتا ہے۔ آج کے دور میں عید کو مہنگے کپڑوں، فضول اخراجات اور دکھاوے کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے، جبکہ اصل تعلیمات سادگی اور اعتدال پر زور دیتی ہیں۔

رشتہ داروں اور پڑوسیوں کا خیال

عید کا دن صلہ رحمی کا بہترین موقع ہے۔ والدین، رشتہ داروں، یتیموں، بیواں اور پڑوسیوں کے ساتھ حسنِ سلوک اسلام کی بنیادی تعلیمات میں شامل ہے۔ اس دن خاص طور پر ان لوگوں کو یاد رکھنا چاہیے جو کسی وجہ سے تنہا یا غمزدہ ہیں۔ ایک مسکراہٹ، ایک ملاقات یا ایک چھوٹا سا تحفہ بھی کسی کے دل میں خوشی بھر سکتا ہے۔

معاف کرنا اور دل صاف کرنا

عید الفطر کا سب سے خوبصورت پہلو یہ ہے کہ یہ ہمیں معافی اور درگزر کا درس دیتی ہے۔ اگر کسی سے ناراضگی یا اختلاف ہے تو عید بہترین موقع ہے کہ دلوں کو صاف کیا جائے اور تعلقات کو دوبارہ جوڑا جائے۔ حقیقی خوشی اسی میں ہے کہ ہم اپنے دلوں کو کینہ، حسد اور بغض سے پاک کر لیں۔

جدید دور میں عید: ایک جائزہ

بدقسمتی سے آج عید الفطر کو اکثر صرف ایک ثقافتی تہوار بنا دیا گیا ہے جہاں عبادات کے بجائے تفریح، بے جا رسومات اور بعض اوقات غیر اسلامی سرگرمیاں غالب آ جاتی ہیں۔ فحش موسیقی، فضول خرچی، اور وقت کا ضیاع عید کی روح کے خلاف ہے۔ ہمیں سوچنا ہوگا کہ کیا ہماری عید واقعی اللہ کی رضا کے مطابق ہے یا ہم اس کی اصل روح سے دور ہوتے جا رہے ہیں؟

نتیجہ: عید، عبادت اور انسانیت کا امتزاج

عید الفطر کا اصل پیغام سادگی، شکر گزاری، محبت اور انسانیت ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ رمضان میں حاصل کی گئی نیکیوں کو صرف ایک مہینے تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اسے اپنی زندگی کا مستقل حصہ بنایا جائے۔ اگر ہم عید کو اسلامی تعلیمات کے مطابق منائیں تو نہ صرف ہماری خوشیاں بامعنی ہوں گی بلکہ ہمارا معاشرہ بھی امن، محبت اور بھائی چارے کا گہوارہ بن جائے گا۔

عید الفطر ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ اصل خوشی اللہ کی اطاعت میں ہے، دوسروں کو خوشی دینے میں ہے، اور اپنے کردار کو بہتر بنانے میں ہے۔ یہی وہ عید ہے جو دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک: فرض بھی، قرض بھی

معاشرے کی اخلاقی بنیادیں چند مضبوط ستونوں پر قائم ہوتی ہیں۔ ان میں سب سے اہم ستون والدین کے ساتھ حسنِ سلوک ہے۔ یہ صرف ایک سماجی قدر نہیں بلکہ ایک دینی فریضہ بھی ہے اور ایک ایسا قرض بھی جو انسان اپنی اولاد کے ذریعے چکاتا ہے۔

حقیقت یہی ہے کہ جو بیج ہم اپنے والدین کے ساتھ بوئیں گے، وہی ہماری اولاد ہمارے ساتھ کاٹے گی۔ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں اپنی عبادت کے فوراً بعد والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم دیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ "تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرو اور اگر وہ بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کے سامنے 'اف' تک نہ کہو، نہ انہیں جھڑکو بلکہ ان سے نرمی اور احترام سے بات کرو اور ان کے لیے دعا کرتے رہو کہ اے میرے رب! ان پر ویسا ہی رحم فرما جیسا انہوں نے بچپن میں مجھ پر کیا"۔

یہ آیات نہ صرف والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم دیتی ہیں بلکہ ایک مکمل طرزِ زندگی سکھاتی ہیں۔ اس طرزِ زندگی میں ادب، محبت، عاجزی اور خدمت کا حسین امتزاج ہے۔ بدقسمتی سے آج کے دور میں اس تعلیم کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ جدید طرزِ زندگی، مصروفیات اور مادہ پرستی نے اولاد کو اس قدر خود غرض بنا دیا ہے کہ والدین کی عزت و تکریم پسِ پشت چلی گئی ہے۔ وہ والدین جو کبھی اولاد کی ایک مسکراہٹ کے لیے اپنی نیندیں قربان کر دیتے تھے، آج اسی اولاد کے لہجوں سے خوفزدہ نظر آتے ہیں۔ یہ المیہ صرف ایک گھر کا نہیں، پورے معاشرے کا ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک

محض اخلاقی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک روحانی کامیابی کا راستہ بھی ہے۔ حدیثِ مبارکہ کے مطابق "جنت ماں کے قدموں تلے ہے" اور باپ کو جنت کا دروازہ قرار دیا گیا ہے۔ گویا جو شخص اپنے والدین کو راضی رکھتا ہے، وہ دراصل اپنی آخرت سنوارتا ہے۔

والدین کی قربانیاں کسی ایک دن یا ایک واقعے تک محدود نہیں ہوتیں۔ ماں کی مامتا اور باپ کی محنت ایک مسلسل جدوجہد کا نام ہے۔ ماں اپنی نیند، آرام اور صحت قربان کر کے اولاد کو پروان چڑھاتی ہے جبکہ باپ اپنی خواہشات کو دبا کر اولاد کی ضروریات پوری کرتا ہے۔ اولاد کی ایک فرمائش کے پیچھے ان کی کتنی محنت اور کتنی پریشانیاں چھپی ہوتی ہیں، اس کا اندازہ اکثر ہمیں اس وقت ہوتا ہے جب ہم خود اس مقام پر پہنچتے ہیں۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے رویّوں کا جائزہ لیں۔ کیا ہم نے کبھی اپنے والدین سے پوچھا کہ وہ کیسے ہیں؟ کیا انہیں کسی چیز کی ضرورت ہے؟ کیا ہم نے کبھی ان کے ساتھ بیٹھ کر چند لمحے گزارے؟ حقیقت یہ ہے کہ والدین کو مہنگے تحفوں سے زیادہ اولاد کا وقت، محبت اور احترام درکار ہوتا ہے۔ یہ بھی ایک تلخ حقیقت ہے کہ جب والدین اس دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں تو پھر انسان کے پاس صرف پچھتاوا رہ جاتا ہے۔ اس وقت نہ کوئی دولت کام آتی ہے اور نہ مصروفیات کا بہانہ۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم ان کی موجودگی میں ہی ان کی قدر کریں، ان کی خدمت کریں اور ان کے دل نہ دکھائیں۔

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کے چند عملی پہلو بھی ہیں مثلاً نرم لہجے میں بات کرنا، ان کے سامنے آواز پست رکھنا، ان کی بات کو اہمیت دینا، ان کی ضروریات کا خیال رکھنا، ان کے ساتھ وقت گزارنا، اور سب سے بڑھ کر ان کے لیے دل سے دعا کرنا۔ یہ چھوٹے چھوٹے اعمال نہ صرف والدین کے دل کو خوش کرتے ہیں بلکہ انسان کی اپنی زندگی میں بھی برکت کا باعث بنتے ہیں۔

یاد رکھیے! والدین واقعی اللہ تعالیٰ کی ایک عظیم نعمت ہیں۔ ان کی موجودگی گھر کو جنت کا نمونہ بنا دیتی ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری زندگی میں سکون، برکت اور کامیابی ہو تو ہمیں اپنے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک ایک ایسا فرض ہے جو ہمیں جنت تک لے جاتا ہے اور ایک ایسا قرض ہے جو ہماری اولاد ہم سے چکاتی ہے۔

عنوان: مہنگائی کا جن بوتل سے باہر آ گیا!

بھی کہا جاتا تھا کہ مہنگائی ایک ایسا مسئلہ ہے جسے مناسب پالیسیوں، مضبوط معیشت اور دیانتدار قیادت کے ذریعے قابو میں رکھا جا سکتا ہے۔ مگر آج کے حالات اس نہج پر پہنچ چکے ہیں کہ یوں محسوس ہوتا ہے جیسے مہنگائی کا جن واقعی بوتل سے باہر آ چکا ہیا اور اب کسی کے قابو میں نہیں رہا۔ یہ جن نہ صرف بازاروں میں دندناتا پھر رہا ہے بلکہ ہر گھر کے چولہے، ہر فرد کی جیب اور ہر ماں کی دعا میں بھی اپنا اثر چھوڑ چکا ہے۔

ایک وقت تھا جب عید، خوشی اور سہولت کا نام تھا۔ لوگ مہینوں پہلے تیاری کرتے، کپڑے بنتے، راشن جمع ہوتا، اور گھروں میں خوشبوں کے ساتھ امیدیں بھی بسی ہوتی تھیں۔ مگر آج صورتحال یکسر مختلف ہے۔ عید ہو یا عام دن، سب کچھ ایک جیسا لگتا ہیکیونکہ خوشی اب بجٹ کی محتاج ہو چکی ہے۔ مہنگائی نے خوشیوں کو اس قدر محدود کر دیا ہے کہ اب لوگ خواہش کرنے سے بھی ڈرنے لگے ہیں۔

بازاروں کا رخ کریں تو قیمتیں سن کر انسان کو اپنے کانوں پر یقین نہیں آتا۔ آٹا، چینی، گھی، سبزیاں ایسی بنیادی چیزیں جو کبھی ہر گھر کی پہنچ میں تھیں، آج لگژری محسوس ہونے لگی ہیں۔ ایک عام مزدور، جو دن بھر محنت کر کے اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کا بندوبست کرتا تھا، اب سوچنے پر مجبور ہے کہ آج روٹی کھائے یا بجلی کا بل ادا کرے۔ یہ وہ کرب ہے جسے الفاظ میں بیان کرنا آسان نہیں۔

سب سے زیادہ دکھ کی بات یہ ہے کہ ہر نیا دن، ہر نیا بجٹ، اور ہر نیا وعدہ عوام کی امیدوں کو بار بار توڑ رہا ہے۔ حکومتیں دعوے کرتی ہیں، وعدے کرتی ہیں کہ مہنگائی پر قابو پا لیا جائے گا، عوام کو ریلیف دیا جائے گا، مگر زمینی حقیقت کچھ اور ہی کہانی سناتی ہے۔ ہر نئے بجٹ کے ساتھ امید بندھتی ہے کہ شاید اب حالات بہتر ہوں گے، مگر ہر بار یہ امید

ٹوٹ جاتی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے یہ جن صرف عوام کو ڈرانے کے لیے آزاد چھوڑ دیا گیا ہو، اور اسے قابو میں لانے والا کوئی نہیں۔ مہنگائی کی شدت نے نہ صرف زندگی کی بنیادی ضروریات کو مہنگا کیا ہے بلکہ ایک نفسیاتی بوجھ بھی ڈال دیا ہے۔ لوگ ہر وقت دبا میں ہیں، ہر فیصلہ سوچ سمجھ کر کر رہے ہیں، اور ہر دن ایک نئی فکر لے کر آتا ہے۔ بچوں کی تعلیم، روزمرہ کے اخراجات، اور روزگار کے مواقع all سب پر اثر پڑا ہے۔ یہ صرف اعداد و شمار نہیں، یہ ہر گھر، ہر خاندان، اور ہر فرد کی روزمرہ کی حقیقت ہے۔

اصل مسئلہ صرف مہنگائی نہیں، بلکہ اس کے ساتھ جڑا ہوا وہ عدمِ تحفظ ہے جو ہر انسان کے دل میں گھر کر چکا ہے۔ کل کیا ہوگا؟ قیمتیں کہاں تک جائیں گی؟ کیا ہماری آمدنی کبھی ان اخراجات کا ساتھ دے سکے گی؟ یہ وہ سوالات ہیں جو ہر شخص کے ذہن میں گردش کر رہے ہیں، مگر ان کا جواب کسی کے پاس نہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے معاشرہ ایک مسلسل خوف کی کیفیت میں جی رہا ہو، جہاں ہر خوشی اور ہر سکون کی قیمت بھی معیشت کے سودے پر لگائی گئی ہے۔

اس تمام صورتحال کا سب سے زیادہ اثر متوسط اور غریب طبقے پر پڑ رہا ہے۔ امیر طبقہ تو پھر بھی کسی نہ کسی طرح اس طوفان سے بچ نکلتا ہے، مگر وہ لوگ جو پہلے ہی مشکلات کا شکار تھے، اب مکمل طور پر پس چکے ہیں۔ ان کے لیے زندگی ایک مسلسل جدوجہد بن چکی ہے، جہاں ہر دن ایک نئی آزمائش لے کر آتا ہے۔ یہ وہ طبقہ ہے جو پہلے ہی محدود وسائل میں جینے پر مجبور تھا، اور آج اسے مہنگائی کے اس جن نے اور بھی بے بس کر دیا ہے۔

لیکن سوال یہ ہے کہ کیا واقعی یہ جن ہمیشہ آزاد رہے گا؟ کیا کوئی ایسا لمحہ آئے گا جب اسے دوبارہ بوتل میں بند کیا جا سکے گا؟ جواب مشکل ضرور ہے، مگر ناممکن نہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ پالیسیوں میں سنجیدگی ہو، فیصلوں میں عوامی مفاد کو ترجیح دی جائے، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ احتساب کا عمل مضبوط ہو۔ جب تک یہ بنیادی چیزیں درست نہیں ہوں گی، تب تک مہنگائی کا یہ جن یونہی آزاد گھومتا رہے گا۔

یہ کالم صرف الفاظ نہیں، بلکہ ایک حقیقت کا عکس ہیوہ حقیقت جسے ہم سب روز جیتے ہیں، مگر شاید بیان نہیں کر پاتے۔ مہنگائی کا یہ جن صرف ہمارے بازاروں میں ہی نہیں، بلکہ ہمارے گھروں، ہماری سوچ، اور ہماری روزمرہ کی زندگیوں میں بھی آزاد گھوم رہا ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم صرف شکایت نہ کریں بلکہ آواز بلند کریں، تبدیلی کے لیے قدم اٹھائیں، اور پالیسی سازوں سے مطالبہ کریں کہ یہ جن دوبارہ بوتل میں بند کیا جائے۔ ورنہ یہ جن ہماری زندگیوں کی چھوٹی خوشیوں کو بھی نگل جائے گا، اور ہم صرف یاد یں گئیں گے کہ کبھی خوشیاں بھی ہوا کرتی تھیں۔

پشاور شہر میں محکمہ ایکسائز کی منشیات کے خلاف تازہ کارروائی

76 ہزار/800 گرام چرس برآمد، 2 ملزمان گرفتار، تھانہ ایکسائز میں مقدمہ درج

پشاور (ہینڈ آؤٹ) محکمہ ایکسائز و ٹیکسیشن اور نارکوٹکس کنٹرول خیبر پختونخوا نے پشاور شہر میں منشیات اسمگلنگ کی ایک بڑی کوشش ناکام بناتے ہوئے 76 ہزار 800 گرام چرس برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی تھانہ ایکسائز پشاور ریجن کی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کرتے ہوئے منشیات لیجانے والی گاڑی کو تحویل میں لے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 56)

خیبر پختونخوا ایک قدیم تہذیبی و ثقافتی ورثے کا امین صوبہ ہے، شفیع جان

گندھارا تہذیب کے آثار سمیت تاریخ کے بیش بہا خزانے موجود ہیں، ملاقات میں اظہار خیال

پشاور (ہینڈ آؤٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے اطلاعات و تعلقات عامہ شفیع جان سے بدھ کے روز ان کے دفتر سول سیکرٹریٹ میں ڈائریکٹر آرکیالوجی ڈاکٹر عبدالصمد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صوبے میں آثار قدیمہ کے تحفظ، تاریخی مقامات کی بحالی، تزئین و آرائش، مذہبی سیاحت کے فروغ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 57)

ڈھوڈیال شنکیاری بٹل چھتر فیڈرز پر بے پناہ بجلی کی بندش

پلھل (سپیشل کرائم رپورٹر) ڈھوڈیال شنکیاری بٹل چھتر فیڈر پر بے پناہ بجلی بندش نے عوام کو زچ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 61)

سرن ویلی دیگر علاقوں میں ٹیلی نار سروس مکمل طور پر ناکام

تمباہ (نمائندہ خصوصی) سرن ویلی دیگر علاقوں میں ٹیلی نار سروس مکمل طور پر ناکام، گزشتہ کئی دنوں سے ٹیلی نار سروس نے صارفین کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے ذرائع کے مطابق سرن ویلی اور دیگر علاقوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 58)

ٹرمپ کا شکوہ یا انتباہ؟ دنیا بھر میں بحث چھڑ گئی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیان نے عالمی سیاست میں ایک نئی بحث کو جنم دے دیا ہے، جس میں انہوں نے ان ممالک پر سخت اور واضح تنقید کی ہے جن کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ امریکہ نے ماضی میں ان کی بھرپور مدد کی، مگر آج وہی ممالک مشکل وقت میں امریکہ کا ساتھ دینے سے گریزاں ہیں، جو ایک سنجیدہ سفارتی سوال بن چکا ہے۔

صدر ٹرمپ نے اپنے بیان میں نہایت سنجیدگی کے ساتھ اس امر پر روشنی ڈالی کہ امریکہ نے برسوں تک اپنے اتحادیوں کو دفاعی، معاشی اور سفارتی سطح پر سہارا دیا، مگر اب جب امریکہ کو ان کی حمایت درکار ہے

بقیہ 1 تاجران

کے حوالے سے شکایات تھیں کہ وہ چھتر پلین بازار اور بٹل بازار میں تاجران سے گھی انڈے شہد اور اس کے ساتھ ساتھ گوشت مرغیاں یہاں تک کہ دیسی چاول بھی بھی بٹور کر گھر لے جا رہے تھے جس پر عوامی حلقوں کی طرف سے ڈی پی او مانسہرہ اظہر خان کو یہ شکایات پہنچیں جنہوں نے فوری طور پر ایڈیشنل ایس او سمیت ایک حوالدار اور دو دیگر کو لائن حاضر کر دیا عوامی حلقوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے اس اقدام پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایسے لوگوں کو صرف لائن حاضر ہی نہیں بلکہ ایسے لوگوں کو محکمہ پولیس سے دور پھینکا جائے

بقیہ 2 شامل

کر دیا جبکہ جاں بحق ہونے والے کی جسد خاکی کو موچی ٹھارہ ہسپتال منتقل کر دیا۔ مرنے والوں میں **47** سالہ شکیل ، **16** سالہ عبداللہ ،اور **60** سالہ اختر بی بی شامل ہیں اور زخموں میں **38** سالہ عاشق حسین اور **7** سالہ فاطمہ بی بی شامل ہیں۔

بقیہ 3 ملاوٹ

دودھ میں یوریا، سوڈیم بائی کاربونیٹ اور سرف کی ملاوٹ ثابت ہو گئی۔ کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں مضر صحت دودھ موقع پر ہی تلف کر دیا گیا جبکہ فارم کے منیجر کو گرفتار کر لیا گیا۔ مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 4 طبعی امداد

طبی امداد فراہم کی گی حادثہ اوورٹیک کرنے کے دوران دو گاڑیوں کے تصادم کے باعث پیش آیا۔

بقیہ 5 نفری

دیگر پولیس افسران اور بھاری نفری کے ہمراہ تھانہ کینٹ، سکندر آباد اور نواں شہر کی حدود میں ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب دو خطرناک ڈکیتوں کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان محسن اور حسن پسران سہیل ساکنان لاہور، جو آپس میں سگے بھائی ہیں، نے گزشتہ رات پولیس مقابلہ بھی کیا جس کے دوران ملزم محسن زخمی حالت میں گرفتار ہوا جبکہ حسن موقع سے فرار ہوا تاہم بعد ازاں ایک کارروائی کے دوران گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں اور نصف درجن سے زائد مقدمات میں ملوث رہ چکے ہیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور مال مسروقہ برآمد کیا گیا، جس میں تھانہ نواں شہر کی حدود سے بشیر ولد زمان سے چھینے گئے دو موبائل فون اور رقم، تھانہ سکندر آباد کی حدود جھگیاں سے محسن ولد ارشاد کی دکان سے چھینے گئے رقم جبکہ تھانہ کینٹ کی حدود مری روڈ سے لیاقت قریشی کی دکان سے چھینی گئی رقم اور موبائل فون شامل ہیں۔ برآمد شدہ مجموعی رقم اور موبائل فون ایس پی کینٹ علی حمزہ بٹ، ڈی ایس پی کینٹ طاہر سلیم اور ایس ایچ او کینٹ علی جدون نے ایک تقریب کے دوران اصل مالکان کے حوالے کر دیے۔ مالکان نے اپنی لوٹی گئی رقم و موبائل فون کی برآمدگی اور ملزمان کو کیفرِ کردار تک پہنچانے پر ایبٹ آباد پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ 6 کارکردگی

عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری ، ایس پی کینٹ علی حمزہ بٹ کی زیرنگرانی ڈی ایس پی کینٹ طاہر سلیم اور ایس ایچ او کینٹ علی جدون نے دیگر پولیس افسران اور بھاری نفری کے ہمراہ تھانہ کینٹ، سکندر آباد اور نواں شہر کی حدود میں ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب دو خطرناک ڈکیتوں کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان محسن اور حسن پسران سہیل ساکنان لاہور، جو آپس میں سگے بھائی ہیں، نے گزشتہ رات پولیس مقابلہ بھی کیا جس کے دوران ملزم محسن زخمی حالت میں گرفتار ہوا جبکہ حسن موقع سے فرار ہوا تاہم بعد ازاں ایک کارروائی کے دوران گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں اور نصف درجن سے زائد مقدمات میں ملوث رہ چکے ہیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور مال مسروقہ برآمد کیا گیا، جس میں تھانہ نواں شہر کی حدود سے بشیر ولد زمان سے چھینے گئے دو موبائل فون اور رقم، تھانہ سکندر آباد کی حدود جھگیاں سے محسن ولد ارشاد کی دکان سے چھینے گئے رقم جبکہ تھانہ کینٹ کی حدود مری روڈ سے لیاقت قریشی کی دکان سے چھینی گئی رقم اور موبائل فون شامل ہیں۔ برآمد شدہ مجموعی رقم اور موبائل فون ایس پی کینٹ علی حمزہ بٹ، ڈی ایس پی کینٹ طاہر سلیم اور ایس ایچ او کینٹ علی جدون نے ایک تقریب کے دوران اصل مالکان کے حوالے کر دیے۔ مالکان نے اپنی لوٹی گئی رقم و موبائل فون کی برآمدگی اور ملزمان کو کیفرِ کردار تک پہنچانے پر ایبٹ آباد پولیس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ 7 معائنہ

کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامات کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اکرم نے بچوں کے ساتھ گھل مل کر وقت گزارا، ان سے بات چیت کی اور عید کی خوشیاں بانٹتے ہوئے ان میں عید کے کپڑے تقسیم کیے۔ انہوں نے ادارے کی خدمات کو سراہتے ہوئے انتظامیہ کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کروائی۔

بقیہ 8 تنبیہ

جرمانے عائد کیے گئے جبکہ کئی افراد کو سخت تنبیہ بھی جاری کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اے سی نے مختلف دکانوں پر سرکاری نرخ ناموں کی چیکنگ کی، جہاں خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی صورت عوام کا استحصال برداشت نہیں کیا جائے گا اور گراں فروشی میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ دوسری جانب ٹرانسپورٹ اڈہ پر بھی اچانک اسپیکشن کے دوران کرایوں میں خود ساختہ اضافے کا نوٹس لیا گیا۔ اے سی سرفراز قریشی نے ٹرانسپورٹ مالکان کو سختی سے ہدایت جاری کی کہ وہ سرکاری کرایہ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنائیں، بصورت دیگر سخت قانونی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ مقامی شہریوں نے انتظامیہ کی اس کارروائی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اس طرح کے اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری رکھے جائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے اور ناجائز منافع خوروں کا خاتمہ ممکن ہو۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ عوامی شکایات پر فوری ایکشن لیا جائے گا اور کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 9 بریفنگ

گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور آئندہ اپریل **2026** کی مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے بریفنگ کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ آئندہ مہم سے قبل فیلڈ ٹیموں کی مکمل تربیت کو یقینی بنایا جائے اور درکار افرادی قوت کی کمی کو فوری طور پر پورا کیا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام سپروائزری و مانیٹرنگ اسٹاف تربیتی عمل اور فیلڈ سرگرمیوں کی خود نگرانی کریں تاکہ مہم کو مؤثر اور کامیاب بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر اشتیاق احمد نے انسداد پولیو مہم کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے خاتمے کے لیے محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ اداروں نے ذمہ داری اور قومی جذبے کے تحت قابلِ تحسین کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع کو پولیو سے پاک رکھنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے ہدایت جاری کی کہ آئندہ نیشنل امیونائزیشن ڈیز (**NID**) اپریل **2026** کے دوران پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے سو فیصد ہدف کا حصول یقینی بنایا جائے اور کسی بھی بچے کو اس اہم مہم سے محروم نہ رہنے دیا جائے۔

بقیہ 10 مشترکہ بیان

تنولی ایڈووکیٹ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ضلع تناول کے معرضِ وجود میں آنے تک آل پاکستان تنولی اتحاد قومی تحریک ضلع تنول کی بھرپور حمایت جاری رکھتے ہوئے ضلع تناول کا قیام عمل میں لانے کے لئے کوشاں رہے گی اس وقت پوری قوم کو متحد ہو کر اپنا حق حاصل کرنے کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا

بقیہ 11 تشویش

پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر بفہ کی جانب سے حالیہ کارروائیوں اور وارننگز کے باوجود بعض ریٹیلرز کھلے عام قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ متاثرہ خواتین کا کہنا ہے کہ امدادی رقم وصول کرنے کے لیے انہیں مجبوری کے تحت کٹوتی برداشت کرنا پڑتی ہے، جبکہ شکایت کرنے پر انہیں مختلف حیلوں بہانوں سے ٹال دیا جاتا ہے۔ ادھر مقامی صحافیوں نے ان بے ضابطگیوں کو منظر عام پر لانے کی کوشش کی تو انہیں مبینہ طور پر دباؤ اور دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صحافتی حلقوں نے اس عمل کو آزادی صحافت پر حملہ قرار دیتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ مزید برآں بعض عناصر پر یہ بھی الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ وہ ریٹیلرز کے ساتھ مبینہ ساز باز کر کے خواتین سے اضافی رقم وصول کرتے ہیں اور رشوت کے عوض انہیں پہلے نمبر پر ادائیگی دلوا کر یومیہ بنیادوں پر غیر قانونی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر اور اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مستحقین کو ان کا حق بلا کٹوتی فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 12 حکمران

کہ اگر حکمرانوں نے ہوش کے ناخن نہ لئے تو ان کو غریب عوام کا غیض وغضب لے ڈوبے گا ہر چیز کی بڑھتی قیمتوں نے عوام سے جینے کی امنگ بھی چھین لی ہے، حکومت عوامی مشکلات کا ادراک کرتے ہوئے ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھاتے ہوئے قیمتوں کو اعتدال پر لائے تاکہ غریب آدمی کو بھی کم از کم دو وقت کی روٹی سکون سے میسر آ سکے۔

بقیہ 13 دسترخوان

جاری رہے گا۔ اس دسترخوان پر روزانہ سینکڑوں افراد نہایت عزت واحترام کے ساتھ بیٹھ کر افطار کرتے ہیں۔ ٹرسٹ کی جانب سے جاری اس فلاحی اقدام کو عوامی حلقوں نے بھرپور انداز میں سراہا ہے اور اسے معاشرے میں خدمتِ انسانیت کی ایک بہترین مثال قرار دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ رمضان المبارک میں اس طرح کے دسترخوان مستحق افراد، مسافروں اور محنت کش طبقے کے لیے بڑی سہولت فراہم کرتے ہیں۔ المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر المصطفیٰ ہسپتال ڈھوڈیال مانسہرہ میں مرکزی افطار دسترخوان لگایا جاتا ہے، جبکہ اس کے علاوہ دیگر اہم مقامات پر بھی افطاری کا اہتمام کیا گیا ہے۔ ان مقامات میں مانسہرہ لاری اڈا، مانسہرہ ڈسٹرکٹ جیل، ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد اور وادی کاغان شامل ہیں، جہاں روزانہ بڑی تعداد میں افراد افطار دسترخوان سے مستفید ہو رہے ہیں۔ انتظامیہ کے مطابق اس اقدام کا مقصد رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مستحق اور ضرورت مند افراد تک بروقت افطار پہنچانا اور معاشرے میں باہمی ہمدردی، ایثار اور خدمتِ خلق کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ 14 گرفتار

میں ڈال کر گرفتار کر لیا اور مقدمہ درج کر دیا مذکورہ شخص پولیس حکام سے تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا متاثرہ شخص نے مزید کہا کہتھانے میں مجھے جب لیکر گئے بار بار ہر پولیس والا میرے پاس آتا رہا کوئی دو ہزار مانگتا رہا کوئی پانچ ہزار رشوت طلب کرتا رہا پیسے نہ دینے پر مجھ پر ایف آئی ر دے کر میری عزت خراب کر دی۔

بقیہ 15 صورتحال

و امان برقرار رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹنے کے لیے ہمہ وقت دستیاب رہیں، تمام متعلقہ عملہ اپنی حدود میں موجود رہے گا اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کی فوری رپورٹ دے گا، کنٹرول روم **24** گھنٹے فعال رہے گا، رابطہ نمبر: **0995-920220**، عوام سے گزارش ہے کہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری رابطہ کریں۔

بقیہ 16 امید

اینڈ انڈسٹری حنیف گوہر کو نوجوانوں کی امید کی کرن قرار دیتے ہوئے چیئرمین ایچ آر کمیٹی و ایگزیکٹو ممبر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مانسہرہ محمد پرویز مغل نے کہا ہے کہ حنیف گوہر نے نہ صرف ہزارہ ڈویژن بلکہ پورے ملک میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے محمد پرویز مغل کا کہنا تھا کہ حنیف گوہر کی کاروباری خدمات، وژن اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی کاوشیں لائقِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری دنیا میں ان کا کردار نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے اور ان کی کامیابیاں پورے ہزارہ کی پہچان بن چکی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ملکی معاشی ترقی کے لیے ایسے باصلاحیت اور وژنری بزنس لیڈرز کا سامنے آنا خوش آئند ہے جو نہ صرف اپنے شعبے میں نمایاں مقام رکھتے ہیں بلکہ نوجوانوں کی راہنمائی اور ہمت افزائی بھی کرتے ہیں۔

بقیہ 17 کوشش

متحد اور منظم کرنے پر شمال کے ذریعے زور دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کے کہنے پر امریکہ نے ایران کو تر نوالہ سمجھ کر اس پر جو بلا جواز آگ اور بارود برسا کر اس کے وسائل پر قبضہ جمانے کی کوشش کی آج اس کے بدلے ٹرمپ اپنی سپر پاور کے ساتھ دنیا کے سامنے شرمندگی اور شکست تصویر بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل اپنی شکست کے بدلے اب اسلامی ممالک کو کسی نہ کسی طرح آپس میں لڑا وا کر اس شکست خوردہ جنگ سے نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔

بقیہ 18 عبادات

مقدس مہینے میں روزے رکھ کر عبادات میں مشغول ہو کر اور خدمتِ انسانیت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرتا ہے۔ علامہ قاری سید زاہد حسین شاہ نے مزید کہا کہ انسان کی حقیقی کامیابی اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور رسول اکرمؐ کی سنت کے مطابق زندگی گزارنے میں مضمر ہے۔

بقیہ 19 خاتمہ

پولیس کو دیں تاکہ اس ناسور کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے گرفتار بھکاریوں سے لوگوں سے مانگی گئی رقم بھی برآمد کر لی

بقیہ 20 وزیراعلیٰ

کے نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور صوبائی کابینہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام عوامی مسائل کے حل کے لیے حکومت کے عزم کا مظہر ہے۔

بقیہ 21 مطالبہ

میں کارخانوں کو دیوالیہ کرانے کے بعد مشینری دوسرے صوبوں میں منتقل کی جانے لگی اور حکومت کو پھکی دینے کے بعد ان بند کارخانوں میں دوسری مشینری لگا کر جعلی اشیاء تیار کی جانے لگی جس پر جعلی مشروبات کھاد تیزاب اور پسائی کا کام عروج پر ہے اور مارکیٹ میں سرعام فروخت کیا جا رہا ہے جعلی فیکٹریوں سے سرکاری اداروں نے سرعام منتھلی حصہ لینا شروع کر رکھا ہے جس پر جعلی پروڈکشن تیار کرنے والوں کے خلاف فوری طور پر اقدام کرنے کا بھرپور مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 22 دعا

دعا کی، اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر وجمیل عطاء کرے، مرحومہ گزشتہ روز پانڈک میں وفات پا گئی تھی، نماز جنازہ میں اساتذہ، کلرکس، بودلہ، حویلیاں اور ہری پور کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 23 فاؤنڈیشن

فائنڈیشن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات معاشرے میں ہمدردی اور بھائی چارے کو فروغ دیتے ہیں۔ تقریب میں بطور گیسٹ آف آنر ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر سائرہ مشتاق بھی موجود تھیں، جنہوں نے سماجی خدمت کے جذبے کو قابلِ تقلید قرار دیا۔ ہیرو آف رمضان ایوارڈ دیگر نمایاں شخصیات اور تنظیموں جن میں جمشید جدون، سفیان جدون اور فکس اٹ فائنڈیشن سمیت دیگر فلاحی ادارے شامل ہیں، کو بھی ان کی خدمات کے اعتراف میں پیش کیے گئے۔ تقریب کے اختتام پر مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی مستحق افراد کی مدد اور فلاحی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 24 قیام

میں امن امان کے قیام کے لئے معتبر شخصیات اور انتظامیہ سے ٹھوس اقدامات کا مطالبہ کیا

بقیہ 25 سرکلر

رضا اس سے ہزارہ بھر مختلف سرکلر میں ڈی ایس پی کے فراض سرانجام دے چکے ہیں انکا شمار خیبر پختونخواہ پولیس کے دلیر اور باہمت افسران میں ہوتا ہے اس موقع پر ہزارہ کینا مور صحافی وقاص باکسر سے گفتگو کرتے ہوے ہزارہ یوتھ فورس کے صدر و جنرل سیکٹری نے کہا کہ راجہ خان رضا کو ایس پی سکی کناری تعینات کرنا افسران کا بہترین فیصلہ ہے راجہ خان ماضی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوے ایس پی سکی کناری میں بھی اپنی تعیناتی کیدوران اپنے بہترین فراض سرانجام دیں گے ہم انہیں ایس پی تعینات ہونیپر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 26 ارتکاب

شدید زخمی۔ ملزم ارتکاب جرم کے بعد موقع سے فرار، نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے حوالے، تھانہ پھلڑہ میں رپورٹ درج قاتل کی گرفتاری کے لئے علاقہ میں پولیس کا سرچ آپریشن جاری، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ تھانہ پھلڑہ کی حدود گاؤں بزندی میں پڑوسیوں کے مال مویشی کھیت میں گھسے پرطیش میں آ کر حنیف ولد مسکین سکنہ بزندی نے اسلحہ آتشیں سے پڑوسی کے گھر میں گھس کر مویشی مالک اسرایل ولد روشن اس کی بیوی فوزیہ بی بی زوجہ اسرائیل کو فائرنگ کر کے موقع پر قتل اور اسرائیل کے بھائی عنصر ولد روشن کو شدید زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں جبکہ تھانہ پھلڑہ میں ایف آئی آر درج کر دی گئی ہے تناول میں بڑھتی ہوء قتل وغارت پر سنجیدہ حلقوں نے سخت تشویش کا اظہار کیا عوامی حلقوں نے معززین علاقہ علمائے کرام اور ممبران اسمبلی سے مطالبہ کیا ہی کہ تناول میں دیرپا امن کے قیام کے لیئے موثر اقدامات کیئے جائیں تاکہ علاقہ مزید بدامنی سے بچ جائے

بقیہ 27 تنازعہ

پریشان تھانہ پھلڑہ کی حدود گاں بزندی میں کھیت میں مال مویشی گھسنے پر تنازعہ، باہم مسلح شخص کی فائرنگ سے میاں بیوی جانبحق، بھای شدید زخمی۔ ملزم ارتکاب جرم کے بعد موقع سے فرار، نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے حوالے، تھانہ پھلڑہ میں رپورٹ درج ■ قات۔ل کی گرفتاری کے لئے علاقہ میں پولیس کا سرچ آپریشن جاری، جلد گرفتاری متوقع۔ تفصیلات کے مطابق مانسہرہ تھانہ پھلڑہ کی حدود گاں بزندی میں پڑوسیوں کے مال مویشی کھیت میں گھسنے پر طیش میں آ کر حنیف ولد مسکین سکنہ بزندی نے اسل۔حہ آتشیں سے پڑوسی کے گھر میں گھس کر مویشی مالک اسرایل ولد روشن اسکی بیوی فوزیہ بی بی زوجہ اسرایل کو فاء۔رنگ کر کے موقع پر قتل اور اس۔رائیل کے بھائی عنصر ولد روشن کو شدید زخمی کر دیا ■ اور موقع سے فرار ہو گیا ■ نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں ■ جبکہ تھانہ پھلڑہ میں ایف آئی آر درج کر دی گئی ہے

بقیہ 28 راغب

نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کے لیے اس نوعیت کی کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد نہایت اہم ہے اور ضلعی انتظامیہ ہرممکن تعاون جاری رکھے گی۔ تقریب میں ریجنل سپورٹس آفیسر، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ 29 لساں نواب

تھانہ لساں نواب اور تھانہ پھلڑہ کو ہدایت کی ہے کہ چاندرات کو ہوائی فائرنگ روکنے کے لئے اپنے اپنے تھانہ کی حدود کے بااثر شخصیات علمائے کرام کے ذریعے عوام الناس تک یہ پیغام پہنچانے کے ساتھ ساتھ یہ آگاہی دی جائے اور ہوائی فائرنگ سے نوجوانوں کو منع کیا جائے چند سیکنڈ کی خوشی کسی کا گھر ہمیشہ کے لئے اجاڑ سکتی ہے ہر دو تھانہ جات کو یہ ہدایت کر دی ہے کہ ہوائی فائرنگ پر قابو پانے کے لئے کوشش کریں کہ سول کپڑوں میں چاندرات کو پولیس کی گشت نزدیکی آبادیوں میں کی جائے تاکہ ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جا سکے ہوائی فائرنگ کرنے والوں سے کسی بھی قسم کی رعایت نہ برتی جائے گی

بقیہ 30 شرکت

او ئیمیل عائشہ سعید نے گرین انرولمنٹ اور پلانٹیشن مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی جبکہ طالبات کی جانب سے درختوں کی اہمیت، ماحولیاتی تحفظ اور تعلیم کے فروغ پر مبنی ٹیبلو پیش کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے تعلیم کی اہمیت پر زور دیا اور اساتذہ کو ہدایت کی کہ انرولمنٹ میں اضافہ اور شجرکاری مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ضلع میں کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہیں رہنا چاہیے اور سکول سے باہر بچوں کی نشاندہی کر کے ان کا فوری داخلہ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین، اساتذہ اور کمیونٹی مل کر اس قومی ذمہ داری کو پورا کریں تاکہ شرح خواندگی میں اضافہ اور ایک روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکے۔ بعد ازاں انہوں نے سکول کا دورہ کیا اور تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ ازکی فاطمہ، ڈی ایم او ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی عباس علی بخاری، ڈی ای او جمیل عائشہ سعید، ڈپٹی ڈی ای او ناہید فضل، اے ایس ڈی او انعم جدون، اے ڈی ای او وسیم فضل سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 32 لوڈشیڈنگ

اٹھائے جائیں اور لوڈشیڈنگ کے دورانیے میں کمی لانے کے لیے مؤثر حکمت عملی اپنائی جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی سہولیات کی بہتری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ 33 شروع

سے انصاف روزگار سکیم شروع کی جا رہی ہے جس کیلیئے مختلف تجاویز کو فائنل کیا جا رہا ہے ذرائع کے مطابق اس حوالے سے پشاور میں صوبائی وزراء کے منعقدہ اہم اجلاس میں روزگار سکیم کے تحت اہم فیصلے کیے گئے اور منظوری دی گئی ہے۔

بقیہ 34 ناگزیر

کے روزگار کو مدنظر رکھتے ہوئے نرمی اور تعاون کا مظاہرہ کیا، تاہم چند عناصر کی جانب سے نہ صرف خلاف ورزیاں کی جا رہی ہیں بلکہ عوام کو بھی ٹریفک پولیس کے خلاف اکسانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جو افسوسناک ہے۔ گزشتہ روز افطاری کے وقت بیدڑ چوک میں تجاوزات کے خاتمے کے دوران بعض رائڈرز کی جانب سے مزاحمت کی گئی، جس پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر کے متعلقہ افراد کو گرفتار کر لیا۔ حکام نے واضح کیا کہ آئندہ بھی قانون کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ٹریفک پولیس نے بائیکیا رائڈرز پر زور دیا ہے کہ وہ صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں، سڑکوں اور چوراہوں پر غیر قانونی اڈے قائم نہ کریں، اور ٹریفک کی روانی متاثر کرنے سے گریز کریں۔ مزید کہا گیا ہے کہ رش کے ان دنوں میں شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کی بہتری کے لیے باہمی تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ 35 کال

سروس غائب ہو جاتی ہے کال ملانے پر کال ملتی ہی نہیں اگر مل جائے تو پیسے کٹ جاتے ہیں مگر بات نہیں ہوتی بعض اوقات سگنل ہی غائب ہو جاتے ہیں کافی عرصہ سے موبائل سروس میں فنی خرابی پائی جاتی ہے موبائل کمپنیاں سو روپے کے ریچارج پر چودہ روپے کاٹ لیتی ہیں صارفین کے لئے سروس فراہم نہیں کی جاتی اور سروس نہ ہونے کے باوجود موبائل کمپنیاں پیکیجز قیمتوں میں اضافہ کر دیتی ہیں عوام ناقص سروس نیٹ ورک کی خرابی اور ٹکیس اور ناجائز پیکیجز کی قیمتوں میں اضافہ پر سراپا احتجاج ہیں سابق چیف جسٹس نے ٹیکس اور ناجائز پیکیجز اضافہ کا نوٹس لیا تھا عوامی حلقوں نے حکومت اور موبائل کمپنیوں سے پر زور مطالبہ کیا ہے کہ موبائل سروس میں فنی خرابی کو دور کیا جائے

بقیہ 36 مقدمات

ایکٹ کے تحت مقدمات درج کیے گئے اور قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ پیشہ ور بھیک مانگنے والے عناصر مختلف حیلوں بہانوں سے عوام کو دھوکہ دیتے ہیں اور شہریوں کے لیے مشکلات کا باعث بنتے ہیں۔ ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی اور انہیں کسی صورت ضلع میں سرگرم رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انکی ضلع میں کوئی جگہ نہیں، اور ان کے خلاف کریک ڈان جاری رکھتے ہوئے انہیں ان کے آبائی علاقوں کی جانب واپس بھجوایا جائے گا۔

بقیہ 37 اقدام

اعلامیے کے مطابق یہ اقدام ایندھن کی بچت اور توانائی کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے تاکہ پٹرولیم مصنوعات کے غیر ضروری استعمال میں کمی لائی جا سکے۔ حکام کے مطابق اس فیصلے کا اطلاق سرکاری تعلیمی اداروں پر ہوگا جبکہ متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ حکومتی فیصلے پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 38 حکام

نگرانی کی جائے گی۔ پولیس حکام نے ہدایت کی ہے کہ بازاروں اور مارکیٹوں میں سادہ لباس اہلکار بھی تعینات کیے جائیں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ اس کے علاوہ عید کے ایام میں موبائل گشت میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ چاندرات کے موقع پر ہوائی فائرنگ، آتش بازی اور ون ویلنگ پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے جبکہ دفعہ **144** کا نفاذ بھی عمل میں لایا جا چکا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ تھانے کے افسران کے خلاف بھی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں اور تمام ٹریفک اہلکار ڈیوٹی پر موجود ہوں گے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈی پی او محمد اظہر خان نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ہوائی فائرنگ جیسے خطرناک اور غیر قانونی عمل سے اجتناب کریں کیونکہ یہ کسی بھی وقت قیمتی جان کے ضیاع کا سبب بن سکتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 39 تعیناتی

سے ہٹا کر نئی تعیناتی کر دی گئی ہے جبکہ ٹریفک پولیس ہری پور کے لیے نئے انچارج کی تعیناتی کا امکان ہے، یاد رہے کہ اس سے قبل بھی ٹریفک پولیس ہری پور میں متعدد بار تبادلے کیے جا چکے ہیں جس کے باعث انتظامی معاملات میں بار بار تبدیلی دیکھنے میں آ رہی ہے، تاہم نئے انچارج کی تعیناتی سے متعلق باضابطہ نوٹیفکیشن جلد متوقع ہے۔

بقیہ 40 حالات

ناصف حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے **19** مارچ بروز جمعرات پاکستان اور افغانستان میں ٹیلی سکوپ دوربین سے بھی چاند نظر آنا صرف مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہوگا، البتہ **20** مارچ بروز جمعہ پوری دنیا میں چاند نظر آ جائے گا اور **21** مارچ بروز ہفتہ ان شاءاللہ عیدالفطر ہوگی، البتہ سعودیہ عربیہ اگر **3** منٹ کے چاند پر روزے کا اعلان کر سکتا ہے تو **12** گھنٹے کے چاند پر عیدالفطر کا اعلان بطریق اولی کرے گا، اس وجہ سے قوی امکان کے مطابق **20** مارچ بروز جمعہ سعودیہ میں عیدالفطر ہوگی

بقیہ 41 طبقات

معاشرے کے پسے ہوئے اور نظرانداز طبقات کی مدد کرنا ہے۔ اسی مقصد کے تحت اب تک **30** سے زائد ویل چیئرز معذور اور ضرورت مند افراد میں تقسیم کی جا چکی ہیں، تاکہ وہ اپنی روزمرہ زندگی بہتر طریقے سے گزار سکیں۔ اس کے علاوہ لاوارث افراد، یتیموں اور مستحقین کے لیے **160** سے زائد کفن دفن کا انتظام بھی کیا گیا جو کہ ایک اہم انسانی خدمت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صحت کے شعبے

مہمان خصوصی افراسیاب زبیر ہندل سدرہ فاؤنڈیشن میں ایوارڈز تقسیم کر رہے ہیں

انچارج ٹریفک پولیس ہری پور الیاس فرید تبدیل ہوگئے

ہری پور (سٹی رپورٹر) انچارج ٹریفک پولیس ہری پور الیاس فرید کو ایک بار پھر تبدیل کر دیا گیا ہے، ذرائع کے مطابق محکمہ پولیس کی جانب سے جاری احکامات کے تحت الیاس فرید کو موجودہ عہدے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

صوبائی حکومت کا صوبہ بھر میں تعلیمی اداروں کے حوالے سے اہم فیصلہ

ہری پور (جنرل رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی بچت کے پیش نظر خیبر پختونخوا حکومت نے صوبہ بھر میں تعلیمی اداروں کے حوالے سے اہم فیصلہ کرتے ہوئے جمعہ اور ہفتہ کے روز تعلیمی ادارے بند رکھنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37 .)

عید الفطر کب متوقع؟ زیادہ تر بروز ہفتہ ہونے کا امکان ہے

جمعرات صبح 6 بجکر 26 منٹ (6:26) پر شوال المکرّم یعنی عید الفطر کے نئے چاند کی پیدائش ہوگی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) عید الفطر کب متوقع ہے؟ زیادہ امکان بروز ہفتہ عید الفطر ہونے کا امکان ہے 19 مارچ بروز جمعرات صبح 6 بجکر 26 منٹ (6:26) پر شوال المکرم یعنی عید الفطر کے نئے چاند کی پیدائش ہوگی، اسی دن شام کو غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر تقریبا 12 گھنٹے ہوگی، غروب آفتاب کے بعد 27 منٹ تک 5 درجہ کی بلندی کیساتھ چاند افق پر رہے گا، چاند کے مذکورہ بالا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

ضلعی پولیس نے جامع سیکورٹی اور ٹریفک پلان تشکیل دے دیا

چاند رات اور عید الفطر کے موقع پر امن و امان برقرار رکھنے کیلئے پلان تشکیل دیا گیا

مانسہرہ (شیخ نزیر سے) ضلعی پولیس نے چاند رات اور عید الفطر کے موقع پر امن و امان برقرار رکھنے کیلئے جامع سکیورٹی اور ٹریفک پلان تشکیل دے دیا ہے، جس کے تحت 2500 سے زائد پولیس افسران اور اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد اظہر خان کے مطابق ضلع بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ تمام داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندیاں قائم کر دی گئی ہیں جبکہ گاڑیوں اور مشکوک افراد کی کڑی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم کا فلڈ لائٹ رمضان ہاکی لیگ ایبٹ آباد 2026 کے فائنل میچ اور اختتامی تقریب کے موقع پر کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

بھکاریوں کے خلاف مانسہرہ پولیس کا سخت کریک ڈاؤن جاری

درجنوں پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف بیگرز ایکٹ کے تحت مقدمات درج

ڈھوڈیال (کرائمز رپورٹر) مانسہرہ، پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مانسہرہ پولیس کا سخت کریک ڈاؤن جاری، درجنوں بھکارنیں و بھکاری گرفتار، مقدمات درج، انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی جانب سے جاری کردہ خصوصی احکامات کی روشنی میں مانسہرہ پولیس نے ضلع بھر کے تمام تھانہ جات کی حدود میں بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مختلف مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں کیں، جس کے دوران درجنوں پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف بیگرز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

شنکیاری، موبائل سروس نے عوام کو اذیت میں ڈال رکھا ہے

شنکیاری (بیورو چیف) شنکیاری اور گردونواح میں موبائل سروس نے عوام کو اذیت میں ڈال رکھا ہے موبائل کی ناقص سروس صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ٹیلی نارز ونگ کی سروس ہر وقت غائب ہوجاتی ہے جب بھی بجلی بند ہوجاتی ہے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 35)

مانسہرہ سابق صدر و امیدوار برائے صدارت ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن حافظ محمد نسیم خان ایڈوکیٹ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

اے سی خانپور کی فوڈ اتھارٹی ذمہ داران کے ہمراہ مشترکہ کارروائیاں

ایکشن لیتے ہوئے دو بیکریوں کے فوڈ پراسیسنگ ایریاز کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا

خان پور (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر خانپور نے حلال فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ خوراک کے معیار، صفائی اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے بیکریوں کے خلاف مشترکہ کارروائیاں کیں، کارروائی کے دوران مختلف بیکریوں کا معائنہ کیا گیا جہاں ناقص اور مضر صحت اشیاء سرف اور خصوصاً باسی و بدبودار تیل کے استعمال کا انکشاف ہوا، سنگین خلاف ورزیوں پر سخت ایکشن لیتے ہوئے دو بیکریوں کے فوڈ پراسیسنگ ایریاز کو موقع پر ہی سیل کر دیا گیا جبکہ ذمہ داران کے خلاف مزید قانونی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

پٹرول بحران کے باعث حکومت پاکستان کے پاس دو آپشن رہ گئے

فیول راشننگ سسٹم، دوسرا آپشن کیو آر کوڈ کے ذریعے فیول راشننگ سسٹم متعارف کرانا ہے

کھلابٹ (کرائم رپورٹر) ایران جنگ اور خطے میں کشیدگی کے باعث پاکستان میں پیٹرول اور ڈیزل کے بحران کے باعث حکومت کے پاس دو آپشن رہ گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایران اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی اور جنگی صورتحال نے پاکستان میں ایندھن کے بحران کی گھنٹی بجادی ہے۔ عالمی منڈی میں سپلائی کی بندش اور خصوصاً 'آبنائے ہرمز' جیسے اہم سمندری راستے کے متاثر ہونے کے خدشے کے باعث پاکستان کو آنے والے دنوں میں انتہائی مشکل فیصلوں کا سامنا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

ڈپٹی کمشنر کوہستان لوئر طارق محمود کی زیرِ صدارت اجلاس

پٹن گرڈ اسٹیشن کی توسیع، دوبیر روڈ کی صورتحال اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ بارے گفتگو

کوہستان لوئر (ہینڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر کوہستان لوئر طارق محمود کی زیر صدارت پٹن گرڈ اسٹیشن کی توسیع، دوبیر روڈ کی صورتحال اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے مسائل کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں واپڈا کے متعلقہ حکام اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران پٹن گرڈ اسٹیشن کی استعداد میں اضافے، دوبیر روڈ پر درپیش مسائل اور علاقے میں جاری لوڈ شیڈنگ کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ واپڈا حکام نے موجودہ صورتحال اور جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر طارق محمود نے عوامی مسائل کے حل کو ترجیح دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گرڈ اسٹیشن کی توسیع کے عمل کو تیز کیا جائے، دوبیر روڈ کی بہتری کے لیے عملی اقدامات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سرمد سلیم اکرم محکمہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے تحت ڈی ای او فی میل کے زیر اہتمام انرولمنٹ مہم کے موقع پر بچی کا داخلہ کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا صوبائی وزراء سیکرٹریز کا پشاور میں خصوصی اجلاس

اجلاس میں انصاف روزگار سکیم کے حوالے سے ہم اقدامات کی منظوری دے دی گئی

کھلابٹ (کرائم رپورٹر) خیبر پختونخوا حکومت کا انصاف روزے کا سکیم شروع کرنے کا فیصلہ، انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ کو خصوصی ٹارگٹ دے دیا گیا، سکیم کے تحت بے روزگار افراد کو قرضے فراہم کئے جائیں گے، صوبائی وزراء سیکرٹریز کا خصوصی اجلاس، انصاف روزگار سکیم کے حوالے سے ہم اقدامات کی منظوری دے دی گئی، تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت نے انصاف روزگار سکیم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لئے انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ کو خصوصی ٹاسک دے دیا گیا ہے، انصاف روزگار اسکیم کے ذریعے بے روزگار افراد کو قرضے فراہم کئے جائیں گے جبکہ ایسے بے روزگار افراد جنہوں نے ٹیکنیکل کورسسز کر رکھے ہیں ان کو بلا سود قرضوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، صوبے میں بے روزگاری کے خاتمے جانے کے لیئے صوبائی حکومت کی جانب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

ٹریفک پولیس مانسہرہ نے بائیکا رائڈرز کو ہدایات جاری کردیں

چوکوں، چوراہوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی اڈے اور تجاوزات فوری ختم کرنے کی ہدایت

مانسہرہ (چیف رپورٹر) ٹریفک پولیس مانسہرہ نے بائکیا رائڈرز کو چوکوں، چوراہوں اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی اڈے اور تجاوزات فوری ختم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ٹریفک پولیس کے جاری کردہ اصلاحی نوٹس کے مطابق ماہِ رمضان المبارک کے آخری ایام میں ٹریفک اور پیدل عوام کا رش غیر معمولی حد تک بڑھ چکا ہے، جس کے باعث سڑکوں پر نظم و ضبط برقرار رکھنا نہایت ضروری ہوگیا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ بعض بائکیا رائڈرز کی جانب سے مختلف مقامات پر غیر قانونی اڈے قائم کیے گئے ہیں، جس سے ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ٹریفک حکام کے مطابق پولیس نے پورا سال بائکیا رائڈرز (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

روزہ دار افطاری کا سامان خرید رہے ہیں

رستم عزیز ویلفیئر فاؤنڈیشن پسے ہوئے طبقات کی مدد کرتا ہے

اب تک 30 سے زائد ویل چیئرز معذور اور ضرورت مند افراد میں تقسیم کی جا چکی ہیں، رستم عزیز

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ سماجی خدمات انجام دینے والی رستم عزیز ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین رستم عزیز المعروف ملنگی بابا نے ایک تفصیلی میڈیا بریفنگ کے دوران اپنی فاؤنڈیشن کی کارکردگی اور فلاحی کاموں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے کے قیام کو ابھی چند ہی ماہ گزرے ہیں لیکن اس مختصر عرصے میں فانڈیشن نے نمایاں سماجی خدمات انجام دے کر عوامی حلقوں میں اپنی ایک مثبت پہچان قائم کی ہے۔ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فانڈیشن کی اولین ترجیح (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

ٹریفک انسپکٹر ہری پور کی ناقص حکمت عملی، عیدی مہم تیز کردی

کمیشن خوری کی خاطر ڈرائیوروں پر ایک زائد مرتبہ چالان کرنے پر ڈرائیوروں میں تشویش کی لہر

ہری پور (کرائم رپورٹر) ٹریفک انسپکٹر ہری پور کی ناقص حکمت عملی، ضلع بھر کے ٹریفک اہلکاروں نے عیدی مہم تیز کر دی، کمیشن خوری کی خاطر ڈرائیوروں پر ایک زائد مرتبہ چالان کرنے پر ڈرائیوروں میں تشویش کی لہر جبکہ ٹریفک اہلکاروں نے بے بس و لاچار ڈرائیوروں سے گاڑیاں چھین کر پولیس اسٹیشن بند کرنی شروع کر دیں، ڈی پی او ہری پور فوری نوٹس لیں بصورت دیگر شہر میں چلنے والی گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور ٹریفک اہلکاروں کے درمیان کوئی بھی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوسکتا ہے جس کی تمام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

سردار محمد ریاض کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ممبر صوبائی اسمبلی سردار محمد ریاض کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دینے والوں کا سلسلہ جاری، تفصیلات کے مطابق کوہستان کوئی پالس سے تعلق رکھنے والے ممبر صوبائی اسمبلی سردار محمد ریاض کو عمرہ کی سعادت حاصل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

عوام کی سہولت کے لئے پاسپورٹ آفس ہفتے میں پانچ دن کھلے رکھنے کا فیصلہ

شنکیاری (بیورو چیف) عوام سہولت پاسپورٹ آفس ہفتے میں پانچ دن کھلے رکھنے کا فیصلہ ڈائریکٹریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹ نے ہفتے میں عوام کی سہولت کے لئے پانڈ دن آفس کھلے رکھنے کا فیصلہ کرلیا اس سے قبل ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

مانسہرہ، کشمیری بازار جامع مسجد میں تکمیل قرآن کے موقع پر خطیب مولانا قاضی محمد مشتاق اجتماعی دعا کرتے ہوئے

مدت بلدیاتی نظام کا خاتمہ، نمائندے مکمل طور پر آزاد ہوگئے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تاریخ کا پہلا نام ترین بلدیاتی نظام ختم ہونے پر بلدیاتی نمائندے مکمل طور پر ہی آزاد ہوگئے چار سالہ ناکام ترین دور میں جو نمائندے اپنا حق حاصل نہ کرسکے وہ آئندہ عوام کے لئے کیا کریں گے سنجیدہ حلقوں نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ کے پہلے ناکام (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

مصنوعی مہنگائی کرنے والے ظالموں نے غریب عوام کو خوب لوٹا

اسی طرح ماہ رمضان میں ملاوٹ کرنے والے کاروباریوں نے بھی خوب منافع کمایا

سانڈے سر (نمائندہ شمال) رمضان شریف میں مصنوعی مہنگائی کرنے والے ظالموں نے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے خوب لوٹا، اسی طرح ملاوٹ کرنے والے کاروباریوں نے بھی خوب منافع کمایا لیکن ہمارے متعلقہ ادارے ان ظالموں کے خلاف باضابطہ کارروائی کرنے سے قاصر رہے تفصیلات کے مطابق ضلع مانسہرہ کی عوام ہر سال رمضان شریف میں مصنوعی مہنگائی کرنے والوں اور ذخیرہ اندوزوں کے ہاتھوں لٹی جاتی ہے لیکن ایسے عناصر کے خلاف ہماری انتظامیہ اور متعلقہ ادارے کچھ بھی نہیں کرپاتے یا دیدہ دانستہ چشم پوشی اختیار کر لیتے ہیں جس پر مانسہرہ کے عوامی سماجی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

مانسہرہ، چیئرمین رستم عزیز ویلفیئر رستم ملنگی بابا سینئر صحافی شیخ نذیر کو ویلفیئر کی خدمات کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے

مانسہرہ، ایدھی فاؤنڈیشن پاکستان کے رضا کار مستحقین کیلئے فطرانہ اکٹھا کرتے ہوئے

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ایک اہم حکومتی منصوبہ ہے

کم آمدن گھرانوں کو مالی امداد فراہم کی جاتی ہے، رجسٹریشن کا طریقہ بھی آسان بنا دیا گیا

ہری پور (چیف رپورٹر) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ملک بھر میں مالی مشکلات کا شکار خاندانوں کی مدد کیلئے ایک اہم حکومتی منصوبہ ہے جس کے تحت کم آمدنی والے گھرانوں کو مالی امداد فراہم کی جاتی ہے، سال 2026 میں پروگرام میں رجسٹریشن کا طریقہ مزید آسان بنا دیا گیا ہے، اب شہری آن لائن درخواست دینے کے ساتھ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

شیر گڑھ اوگی میں روٹری واٹر پمپ پراجیکٹ کا آغاز

اوگی (نامہ نگار) رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں "ماں" ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے گاؤں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

عاشق رضا خان جہانگیری سواتی مرحوم کی رسم چہلم کی دعائیہ تقریب

سیاسی، سماجی، کاروباری و مذہبی شخصیات سمیت ہر مکتبہ فکر کے نمائندگان کی شرکت

مانسہرہ (سٹی رپورٹر + چیف کرائم رپورٹر) ممتاز سماجی و سیاسی شخصیت عاشق رضا خان جہانگیری سواتی مرحوم کی رسم چہلم کی دعائیہ تقریب کا انعقاد. وکلا برادری سمیت سیاسی، سماجی، کاروباری و مذہبی شخصیات سمیت ہر مکتبہ فکر کے نمائندگان کی شرکت اور مرحوم کے ایصال ثواب و درجات بلندی کے لئے اجتماعی دعا. تفصیلات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

مانسہرہ، ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت عاشق رضا خان جہانگیری سواتی مرحوم کی رسم چہلم کے موقع پر دعا کی جا رہی ہے

پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مانسہرہ پولیس کا سخت کریک ڈاؤن جاری

ایسے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رہے گی جو شہریوں کے لئے مشکلات بنتے ہیں

پھلڑہ (نمائندہ شمال) پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف مانسہرہ پولیس کا سخت کریک ڈاؤن جاری انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی جانب سے جاری کردہ خصوصی احکامات کی روشنی میں ضلع مانسہرہ میں پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ مانسہرہ پولیس نے ضلع بھر کے تمام تھانہ جات کی حدود میں کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مختلف مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں کیں، جس کے دوران درجنوں پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف بیگرز ایکٹ کے تحت (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

رضا امیری مقدم سے پروفیسر سید راشد علی گردیزی کی ملاقات

ملاقات میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنائی کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا

ہری پور (بیورو رپورٹ) سفارت خانہ ایران میں سفیر اسلامی جمہوریہ ایران رضا امیری مقدم سے پاکستان فلاح پارٹی کے سیکرٹری جنرل پروفیسر سید راشد علی گردیزی نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی۔ ملاقات میں ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنائی کی شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ وفد نے آیت اللہ خامنائی کی بہادری، شجاعت اور ان کی فلسطین کی آزادی کے لیے کاوشوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

مانسہرہ و بٹگرام کے سینکڑوں مستحقین میں رمضان پیکیج کی تقسیم

یہ پیکیج زکوٰۃ فاؤنڈیشن (زیڈ اے ایف) امریکہ کے تعاون سے دو سو مستحقین میں تقسیم کیا گیا

مانسہرہ (سٹی رپورٹر + چیف کرائم رپورٹر) کردیئے تو نے عملی کام، زکوٰۃ فاؤنڈیشن تجھے سلام، مانسہرہ و بٹگرام کے سینکڑوں مستحقین میں رمضان المبارک راشن پیکج شفافیت سے تقسیم کردیا گیا. عوامی و سماجی حلقوں کی جانب سے خراج تحسین پیش. تفصیلات کے مطابق زکوٰۃ فاؤنڈیشن (زیڈ اے ایف) امریکہ کے تعاون سے ضلع مانسہرہ و ضلع بٹگرام کے دو سو مستحقین میں شفافیت سے رمضان المبارک راشن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)

سلطان اعظم خان گلگت جنگلوٹ اظہار خیال کرتے ہوئے

شہدا کی قربانیاں قربانیوں کی بدولت آج معاشرے میں امن قائم ہے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) شہدا کی قربانیاں چراغ ہیں، جو ہمیشہ روشن رہیں گے۔ رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں میں شہدائے پولیس کی عظیم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

فرزانہ شمال کو 36 سویں سالگرہ مبارک ہو
عید مبارک

میں روزنامہ شمال اخبار کی 36 سالگرہ کے موقع پر چیف ایڈیٹر
نیاز پاشا جدون، ایڈیٹر سراج الثقلین جدون،
سینئر صحافی شیخ نزیر، محمد نعیم سمیت پوری ٹیم کو
مبارکباد پیش کرتا ہوں

منجانب۔ حیدر شاہ سی او
واجد شاہ بیکرز نزد کشمیر روڈ مانسہرہ

جملہ معزز وکلاء صاحبان اور تمام
اہل اسلام کو دل کی گہرائیوں سے
عید مبارک

منجانب: حافظ محمد نسیم خان ایڈوکیٹ ہائی کورٹ
امیدوار برائے صدارت ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مانسہرہ برائے سال 2026-27
رابطہ نمبر: 0313-5841185/0301-8104748